ریاضی

پہلی جماعت

مفت تقسیم کے لیے



गणित इयत्ता पहिली (उर्दू माध्यम)

- **ٹیلی مانس پروگرام**

Tele-MANAS (Tele Mental Health Assistance and Networking Across States)

(ٹیلی مینٹل ہیلتھ اسسٹنس اینڈ نیٹ ورکنگ اکراس اسٹیٹس)

(14416/1800-89-14416)

قومی ذہنی صحت پروگرام کے تحت 'ٹیلی مانس' مرکزی حکومت کی اسپانسر شدہ ایک اسکیم ہے جو ریاست مہاراشٹر میں شروع کی گئی ہے۔ یہ پروگرام اکتوبر 2022 سے جاری ہے۔ ٹیلی مانس کے تحت فون نمبر 1441 کے ذریعے ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے ذہنی صحت سے متعلق جامع خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ اس پروگرام کے تحت مختلف ذہنی مسائل کے شکار افراد کے لیے ماہرین کے ذریعے مشورے اور علاج سے متعلق معلومات دستیاب ہے۔ ٹیلی مانس ہیلپ لائن پر کی جانے والی کال کے ذریعے دی گئی تمام معلومات مکمل رازداری میں رکھی جاتی ہے۔ والدین، طلبہ اور اساتذہ بلا جھجک اپنے مسائل اور پریشانیوں کے بارے میں فون پر بات کریں اور اس ہیلپ لائن سے دیگر لوگوں کو بھی فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیں۔

مرکزی حکومت کی اس اسکیم کے ذریعے ٹیلی مانس ایپ شروع کیا گیا ہے جو مراٹھی زبان میں بھی دستیاب ہے۔ اس ایپ پر ذہنی صحت اور نفسیاتی مسائل سے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہے۔ ٹیلی مانس ایپ ڈاؤن لوڈ کے لیے مفت دستیاب ہے۔

راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونہ کی جانب سے تیار کردہ نصاب اور درسیات کے مطابق یہ درسی کتاب بنائی گئی ہے اور اس کے ذریعے اس کی جانچ کی گئی ہے۔ سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/ (پر۔نمبر ۱۶/۴۳) ایس ڈی-۴ مورّخہ ۲۵/ اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کردہ رابطہ کار کمیٹی کی ۱۶/ اپریل ۲۰۲۵ء کو منعقدہ نشست میں اس درسی کتاب کو تعلیمی سال ۲۰۲۵-۲۶ء سے متعین کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔

ریاضی

پہلی جماعت

سمگر شِکشا

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پُستک نِرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ - ۴۱۱۰۰۴۔

سامنے کے چوکون میں درج Q.R. Code کے ذریعے ڈیجیٹل درسی کتاب اور درس و تدریس کے مواد کے لیے مفید سمعی، بصری اور سمعی بصری وسائل دستیاب ہوں گے۔

260779

پہلا ایڈیشن : ۲۰۲۵ء
اصلاح شدہ ایڈیشن : ۲۰۲۶ء
(2026)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھپہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم شیشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھپہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم شیشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

مضمون ریاضی کمیٹی

- شری وِویک پرانک (صدر)
- ڈاکٹر سنیل باوِسکر (رکن)
- ڈاکٹر اَشوِن کنارکر (رکن)
- شری ناگیش کیاتموار (رکن)
- شری اُمیش نیوسے (رکن)
- شری اورن بیس (رکن)
- شری ابھجیت بنگالے (رکن)
- شریمتی پدمجا ویدیہ (رکن)
- شریمتی سونالی کلکرنی (رکن)
- شری اشرف علی بشیر احمد انصاری (رکن)
- شری سنیل کھانڈیکر (رکن)
- شری گیانیشور جھگرے (رکن)
- شری پراتپ سنگھ موہیتے (رکن)
- ڈاکٹر پروین سبھاش راؤ موہیتے (رکن سکریٹری)

اُردو مترجمین

- انصاری عبدالحمید عبدالمجید
- مومن الناصر عبدالصمد
- عبدالملک عبدالقادر نظامی

Co-ordinator Urdu
Khan Navedul Haque Inamul Haque
I/c Special Officer for Urdu,
Textbook Bureau, Pune 4.

Co-ordinator Marathi
Dr. Pravin Subhashrao Mohite
I/c Special Officer for Mathematics,
Textbook Bureau, Pune 4.

Urdu D.T.P. & Layout
Asif Nisar Sayyed,
Yusra Graphics,
Shop No. 5, Anamay Bldg.,
305, Somwar Peth, Pune-11.

Cover & Artist
Shri Pratik Prabhakar Kate

Production
Smt. Mitali Shitap
Chief Production Officer
Shri Nitin Wani
Production Officer

Paper : 70 GSM Cream Wove

Print Order : N/PB/2026-27/7,000

Printer : M/S. S GRAPHIX (I) PVT. LTD., THANE

Publisher
Shri Sachin Mehta
I/c Controller,
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 400 025.

بھارت کا آئین

تمہید

ہم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :
انصاف، سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛
آزادی خیال، اظہار، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛
مساوات بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،
اور ان سب میں
اُخوت کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور
سالمیت کا تیقّن ہو؛
اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین
ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،
وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔

بھارت کا آئین

حصہ ۴ الف

شہریوں کے بنیادی فرائض

اقتباس ۵۱ الف

بنیادی فرائض - بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ -

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔
(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔
(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفّظ کرے۔
(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔
(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے، جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔
(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔
(ز) قدرتی ماحول کو محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔
(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔
(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔
(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔
(ک) سرپرستوں کو چاہیے کہ چھے سے چودہ سال کی عمر کے بچوں کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ – اَدِھ نایَک جَیَہ ہے
بھارَتَ – بھاگیَہ وِدَھاتا۔
پَنجُابَ، سِندُھ، گُجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑَ، اُتکَلَ، بَنگَ،
وِندھیہ، ہِماچَلَ، یَمُنا، گنگا،
اُچّھلَ جَلَ دِھ تَرَنگَ،
تَوَشُبھَ نامے جاگے، تَوَشُبھ آ شِسَ ماگے،
گاہے تَوَجَیَہ گاتھا،
جَنَ گَنَ منگل دَایَک جَیَہ ہے،
بھارَتَ – بھاگیَہ وِدھاتا۔
جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

عہد

بھارت میرا وطن ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گوناگوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

مَیں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

مَیں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ ان کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

राज्यगीत

जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा ।।धृ।।

भिती न आम्हा तुझी मुळी ही गडगडणाऱ्या नभा
अस्मानाच्या सुलतानीला जबाब देती जिभा
सह्याद्रीचा सिंह गर्जतो शिव शंभू राजा
दरी दरीतून नाद गुंजला महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा ।।१।।

काळ्या छातीवरी कोरली, अभिमानाची लेणी
पोलादी मनगटे खेळती, खेळ जीवघेणी
दारिद्र्याच्या उन्हात शिजला
निढळाच्या घामाने भिजला
देश गौरवासाठी झिजला
दिल्लीचे ही तख्त राखितो, महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा ।।२।।

پیش لفظ

میرے ننھے دوستوں، اساتذہ اور سرپرستوں کو محبت بھرا سلام!

قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ء کے مطابق تیار کی گئی پہلی جماعت کی ریاضی مضمون کی درسی کتاب آپ کے ہاتھوں میں دیتے ہوئے بڑی مسرت ہو رہی ہے۔ ریاستی نصاب کے خاکہ ۲۰۲۴ء میں چھے سے آٹھ سال کی عمر کے بچوں کے لیے آسان اور دلکش کتابیں تیار کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ توقع کی گئی ہے کہ ان درسی کتابوں میں مواد صرف ہدایات کی صورت میں نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس میں بچوں کو خود کام کرنے کے مواقع بھی ملنے چاہئیں۔

اس درسی کتاب کو تیار کرتے وقت بچوں کی جذباتی دنیا اور ان کی پسند - ناپسند کا پوری طرح خیال رکھا گیا ہے۔ پہلی جماعت میں داخل ہونے والے بچوں کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے درسی کتاب میں بہت ساری رنگین اور دلکش تصاویر شامل کی گئی ہیں۔ ریاضیاتی نقطہ نظر سے غور کرتے ہوئے مواد کو مزید بامعنی بنانے کے لیے بچوں کی جذباتی دنیا اسی طرح ان کے آس پاس کے ماحول میں موجود مختلف چیزوں اور مواقع کا استعمال کرکے ہر سبق کا آغاز کیا گیا ہے۔ تصورات کو آسان اور سلیس زبان میں واضح کیا گیا ہے۔ بچوں کو مشق کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے کافی مثالیں دی گئی ہیں اور ان مثالوں کو حل کرنے کے لیے جگہ بھی فراہم کی گئی ہے۔ تصورات کو مزید مؤثر طریقے سے سمجھانے کے لیے اساتذہ کے لیے ہدایات دی گئی ہیں۔ کتاب کو مزید دلچسپ بنانے کے لیے پہیلیوں وغیرہ کا بھی استعمال کیا گیا ہے۔

اس درسی کتاب میں ہوئی تصاویر اور مثالیں نہ صرف بچوں کے لیے موزوں ہیں بلکہ معاشرتی توازن کو بھی برقرار رکھنے والی ہیں۔ معاشرے کے تمام طبقات کو مناسب ترجیح دینے کے مقصد سے تصاویر کو متوازن انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ء میں مذکور پنج جہتی ترقی اور اکیسویں صدی کی مہارتوں کو درسی کتاب کے مختلف عناصر میں شامل کیا گیا ہے۔ کتاب کا مواد تعلیمی اہداف، نصابی مقاصد، صلاحیتوں اور آموزشی ماحصل سے ہم آہنگ ہے۔ اس درسی کتاب میں دیے گئے اعمال / سرگرمیوں، کھیلوں، کہانیوں اور گیتوں کو ایک دوسرے سے مربوط کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ بچوں کو تعلیم میں مسرت محسوس ہو۔

روشن مستقبل کے لیے سب کو نیک تمنائیں!

(کرشن کمار بھاسکر راؤ پاٹل)

ڈائرکٹر

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پونہ۔

تاریخ : ۳۰/اپریل ۲۰۲۵ء

بھارتی سَور : ۱۰/ویشاکھ، ۱۹۴۷ شکے (اکشے ترتیہ)

آموزشی صلاحیت اور آموزشی ماحصل

نصاب کا مقصد : بچے مقدار، شکلیں اور پیمائش کا استعمال کر کے ریاضیاتی فہم (سمجھ) اور دنیا کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرتے ہیں۔

آموزشی صلاحیت	آموزشی ماحصل
۱) ایک سے زیادہ خصوصیات کی بنا پر چیزوں کو گروپ اور ذیلی گروپ میں تقسیم کرتا ہے۔	معروف خصوصیات کے لحاظ سے چیزوں کو الگ الگ کرتا ہے اور الگ کرنے کے سابقہ اُصولوں کی وضاحت کرتا ہے۔ (مثلاً ایک جیسے ماحول میں رہنے والے جانوروں کو الگ کرتا ہے)
۲) اپنے آس پاس موجود موجود اشکال اور اعداد کے عام تواتر کو پہچانتا ہے اور اس کی توسیع کرتا ہے۔	بڑوں کی مدد سے آسان تواتر میں نظر نہ آنے والے ارکان تلاش کرتا ہے/مکمل کرتا ہے۔ (مثلاً سرخ - نیلا، سرخ - نیلا، سرخ - ...)
۳) ۱۰ اور ۲۰ ان مرحلوں سے ۹۹ تک کے اعداد دونوں طریقوں سے (آگے اور پیچھے) گنتا ہے۔	۲۰ سے زیادہ چیزوں کو ۹۹ تک کے عددی ناموں سے گنتا ہے اور ۱۰-۱۰ کے گروہ بنا کر ۹۹ تک اعداد گنتا ہے۔ مخصوص اعداد سے ترتیب وار آگے اور پیچھے گنتا ہے۔ (۰ سے ۹۹) دو کے گروہ کی مقداروں کو پہچانتا ہے۔ (مثلاً ۱۰ کے دو گروہ مل کر ۲۰ بنتے ہیں)
۴) چڑھتی یا اُترتی ترتیب میں ۹۹ تک عددوں کو لکھتا ہے۔	ایک ہی گروہ کی چیزوں کو اس کی مختلف خصوصیات کی بنا پر ترتیب دیتا ہے۔ (مثلاً شکل، لمبائی، پیمائش، وزن) دیے ہوئے اعداد کو چڑھتی اور اُترتی ترتیب میں لکھتا ہے۔ (۱ سے ۹)
۵) مقامی قیمت کا استعمال کر کے ۹۹ تک اعداد کو ظاہر کرنے کے لیے عددی علامت کا استعمال کرتا ہے اور عددوں کو پہچانتا ہے۔	چیزوں/ معاملات کی عدم موجودگی کی نشاندہی کرنے کے لیے صفر کی علامت کو پہچانتا/ استعمال کرتا ہے۔ ۲۰ تک عددوں کو پہچانتا اور لکھتا ہے اور ۱۰ تک عددی نام لکھتا ہے۔ ۲۰ تک دو عددوں کا موازنہ کرتا ہے اور 'سے بڑا' یا 'سے چھوٹا' جیسے الفاظ کا استعمال کرتا ہے۔
۶) عددوں کو ترکیب دینا (Composition) یا تحلیل کرنا (Decomposition) اور عددوں کی گروہ بندی جیسی حکمت عملیوں کا استعمال کر کے دو ہندسی عددوں کی جمع یا تفریق کو صحیح طریقے سے انجام دیتا ہے۔	روزمرہ زندگی کی صورتِ حال اور حقیقی چیزوں کے ذریعے جمع کا عمل کرنے کے لیے addition tact کا استعمال کرتا ہے اور ۱۸ تک جواب آنے والی مثالوں کو ترتیب دے کر حل کرتا ہے۔ روزمرہ زندگی کی صورتِ حال اور حقیقی چیزوں کے ذریعے تفریق کا عمل کرنے کے لیے ایسی مثالوں کو ترتیب دیتا ہے اور حل کرتا ہے جن کا جواب ۹ آئے۔ (مثال: دیے ہوئے گروہ سے بیج/ موتیاں نکالنا) اعداد کی جمع اور تفریق کے درمیان تعلق کو بتاتا ہے۔ جمع/ تفریق کے اعمال کے لیے + / - علامتوں کو پہچانتا ہے۔
۷) ضرب کا مطلب بار بار جمع کرنا ہے اور تقسیم کا مطلب مساوی حصے کرنا ہے۔ اس بات کو سمجھتا ہے۔	گروہ بنا کر چھوٹے عددوں کی ضرب کی مثالیں حل کرتا ہے۔ ضرب کی علامت کو پہچانتا ہے۔ تقسیم کی مثالوں کو حل کرتے وقت گروہوں میں بانٹنے کے لیے سعی وخطا (trial and error) کا طریقہ استعمال کرتا ہے۔ تقسیم کی علامت کو پہچانتا ہے۔
۸) بنیادی ہندسی اشکال کا مشاہدہ کر کے خصوصیات کو پہچانتا ہے، تیار کرتا ہے اور درجہ بندی کرتا ہے۔ اسی طرح چیزوں کے مکانی تصور کو سمجھتا ہے اور وضاحت کرتا ہے۔	مکانی تصور کے شعور کا استعمال کرتا ہے اور الفاظ کا ذخیرہ بڑھاتا ہے اور اس کا استعمال کرتا ہے۔ (مثلاً اوپر- نیچے، اندر- باہر، قریب- دور، پہلے- بعد میں) اشکال اور اس کے قابلِ مشاہدہ خصوصیات کی مدد سے چیزوں کو الگ الگ کرتا ہے، ان کی درجہ بندی کرتا ہے اور خود کی زبان میں اس کی وضاحت کرتا ہے۔ (مثلاً گیند لڑھکتی ہے، صندوق پھسلتا ہے) مخصوص خصوصیت کی بنیاد پر شکلوں کا موازنہ کرتا ہے۔ (مثلاً لمبائی، رقبہ، حجم/ جسامت)

آموزشی صلاحیت	آموزشی ماحصل
۹) آس پاس دستیاب چیزوں کی لمبائی، وزن اور جسامت کے لحاظ سے آسان پیائش کرنے کے لیے وسائل اور اکائیوں کا انتخاب کرتا ہے۔	نزدیک - دور، پتلا - موٹا، کم لمبا - لمبا اِن میں فرق پہچانتا ہے۔ غیر معیاری اکائیوں کی مدد سے چھوٹی چیزوں کی لمبائی ناپتا ہے۔ (مثلاً کھیل سے متعلق گلی ڈنڈا، کنچے) معیاری اور غیر معیاری اکائیوں کی مدد سے فاصلہ اور لمبائی کا اندازہ لگاتا ہے اور تصدیق کرتا ہے۔ (مثلاً بالشت، کہنیوں سے آگے کا ہاتھ، قدم، اُنگلیاں) موازنہ کرکے ہلکی چیزوں سے وزنی چیزوں یا وزنی چیزوں سے ہلکی چیزوں کو ترتیب میں لگاتا ہے۔ کپ، چمچہ، مگ جیسی غیر معیاری اکائیوں کی مدد سے جسامت کا اندازہ لگاتا ہے اور پیائش کرتا ہے۔
۱۰) منٹ، گھنٹہ، ہفتہ اور مہینوں میں زمانے (وقت) کی آسان پیائش کرتا ہے۔	پہلے اور بعد میں جیسے الفاظ کا استعمال کرکے وقت پر مبنی واقعات میں فرق کرتا ہے۔ چھٹی اور اسکول کے دورانیے کے درمیان کم اور زیادہ وقت کے معیاری تجربے کو محسوس کرتا ہے۔ دن بھر کے واقعات/ مواقع کی ترتیب لگاتا ہے۔
۱۱) ۱۰۰ روپے تک کا آسان لین دین کرتا ہے۔	سکے اور نوٹوں کا استعمال کرکے ۲۰ روپے تک کی رقم تیار کرتا ہے۔
۱۲) مقدار، شکل، مکانی اور پیائش کو سمجھ کر تصور اور متعلقہ اعمال کو ظاہر کرنے کے لیے مناسب اور موزوں ذخیرۂ الفاظ کو فروغ دیتا ہے۔	مقدار، شکل، مکانی اور پیائش سے متعلق ریاضیاتی مسائل کی وضاحت کرنے کے لیے مکمل بیانات تیار کرتا ہے۔
۱۳) مقدار، شکل، مکانی اور پیائش سے متعلق آسان ریاضیاتی مثالیں حل کرتا ہے اور تیار کرتا ہے۔	آسان ریاضیاتی مسائل کی شکل میں حقیقی دنیا کے حالات کو پہچانتا ہے۔ مختلف حکمت عملیوں کا استعمال کرتے ہوئے آسان علمِ حساب کی مثالیں حل کرتا ہے۔

درسی کتاب کو استعمال کرتے وقت ...

معلم، والدین اور تسہیل کار ...

- گیت، بڑبڑ گیت، کھیل، کہانی، تصویر کا مشاہدہ، عمل/ سرگرمی، پروجیکٹ، عملی مظاہرہ، تصویری کارڈ، عددی کارڈ، موتی/ موتی کی مالا، ریاضی کی صندوق کے وسائل، آس پاس دستیاب وسائل کا استعمال کرکے ریاضی کے تصوّرات کو واضح کرے۔
- ضرورت کے مطابق انفرادی، جوڑی میں یا گروہ میں سرگرمی لے کر تصورات کو پختہ کیا جائے۔
- ریاضیاتی تصورات کو سمجھنے اور ان کا اطلاق کرنے، اسی طرح Hands on to minds on کے لیے راہ ہموار کرے۔
- طلبہ صرف مثالیں/ سوال حل کرنے کی بجائے وہ خود مثالیں/ سوالات بنائیں، اس طرح کے اعلیٰ سطحی مواقع انھیں فراہم کرنے کے لیے درسی کتاب میں چند مقامات پر غور کیا گیا ہے۔ اسے زیادہ سے زیادہ وسعت دے۔
- طلبہ کی غور وخوض کی قوت کو مہمیز دینے والے سوالات پوچھنا، غور وفکر کرنے کی ترغیب دینے والی سرگرمیاں منعقد کرے۔ جماعت کی درس و تدریس میں اس کے لیے راہیں ہموار کریں۔
- واضح رہے کہ تمام اکائیوں میں ریاضی کے بیشتر آموزشی ماحصل کو شامل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔
- درسی کتاب میں دی ہوئی ہدایتیں راہنما کے طور پر ہیں۔ لہٰذا آپ اپنے ماحول، مقامی حالات، بولی اور آس پاس کی مثالوں کے مطابق اپنی درس و تدریس کے عمل میں ضرورت کے مطابق تبدیلی کرے۔

درسی کتاب میں استعمال کردہ مظاہر کا تعارف

گفتگو کرنا

مباحثہ کرنا

مشق کرنا

گانا

جماعت بندی کرنا

عمل کرنا

مشاہدہ کرنا

فہرست

نمبر شمار	اسباق کے نام	صفحہ نمبر
۱۔	میرا گاؤں	۱
۲۔	مرغا کہاں ہے؟	۲
۳۔	پہلے - بعد میں	۳
۴۔	نزدیک - دُور	۴
۵۔	میری شکل	۵
۶۔	لُڑھکنا - پھِسلنا	۶
۷۔	۱ سے ۹ کی پہچان	۹
۸۔	۰ کی پہچان	۱۶
۹۔	۱۰ کی پہچان	۱۷
۱۰۔	جمع (جواب ۹ تک)	۱۹
۱۱۔	تفریق	۲۵
۱۲۔	۱۱ سے ۲۰ کی پہچان	۳۰
۱۳۔	متصل آگے کا، متصل پیچھے کا اور بیچ کا عدد	۳۳
۱۴۔	عددوں کا چھوٹا - بڑا پن	۳۴
۱۵۔	چڑھتی ترتیب - اُترتی ترتیب	۳۷
۱۶۔	آؤ، معلومات سمجھ لیں	۴۲
۱۷۔	جمع (آگے گِن کر)	۴۵
۱۸۔	تفریق (پیچھے گِن کر)	۴۸
۱۹۔	۲۱ سے ۳۰ کی پہچان	۵۰
۲۰۔	۳۱ سے ۹۹ کی پہچان	۵۳
۲۱۔	عددوں کا گیت	۶۲
۲۲۔	تواتُر	۶۴
۲۳۔	پیمائش	۶۸
۲۴۔	وقت کی پیمائش	۷۲
۲۵۔	جمع (جواب ۱۸ تک)	۷۹
۲۶۔	سکّے اور نوٹ	۸۷
۲۷۔	ضرب کی پیشگی تیاری	۹۳
۲۸۔	مساوی تقسیم، مساوی گروہ	۹۶
۲۹۔	ریاضیاتی پہیلیاں	۹۹

۱ میرا گاؤں



دی ہوئی تصویر کی مدد سے اوپر - نیچے، اندر - باہر، آگے - پیچھے جیسے عملی کام ظاہر کرنے والے الفاظ کا استعمال کرکے طلبہ کے ساتھ بات چیت کرے۔ جیسے درخت کے نیچے بلی ہے۔ درخت کے اوپر بندر بیٹھا ہے۔ طویلے کے اندر گائے ہے۔ گیٹ کے پاس لڑکی ہے۔ اس طرح کے جملوں کے ذریعے بات چیت کرے۔

۲ مرغا کہاں ہے؟

ایک مرغا دن بھر اِدھر اُدھر گھومتا رہتا ہے۔
تصویر میں وہ کہاں کھڑا ہے؟ صحیح لفظ کے گرد ○ بناؤ۔



جیسے مرغا (موٹے) / پتلے ستون پر کھڑا ہے۔



مرغا بیچ والے ستون کے مقابلے میں
اونچے / بونے ستون پر کھڑا ہے۔

مرغا لکڑی کے درمیانی کندے
کے مقابلے میں چھوٹے / لمبے
لکڑی کے کندے کے پیچھے کھڑا ہے۔

طلبہ کے ساتھ موٹے - پتلے، اونچے - بونے، چھوٹے - لمبے سے متعلق بات چیت کرے۔ مختلف مثالوں کے ذریعے مشق کرائے۔

۳ پہلے - بعد میں

* **پہلے** ہونے والے کام کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔

---

* **بعد میں** ہونے والے کام کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔





طلبہ کے ساتھ 'پہلے - بعد میں' سے متعلق بات چیت کرے۔ مختلف مثالوں کے ذریعے مشق کرائے۔

۴ نزدیک - دوٗر

* تصویر دیکھو۔ اسکول کے پاس سے کون نزدیک ہے؟ اس کے پاس کے ☐ میں رنگ بھرو۔



* تصویر دیکھو۔ پانی کے برتن سے دوٗر والے کوّے کی تصویر کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔



طلبہ کے ساتھ 'نزدیک - دور' سے متعلق بات چیت کرے۔ مختلف مثالوں کے ذریعے مشق کرائے۔

۵ میری شکل

* تصویر میں چیزیں دیکھو۔ لکیر کھینچ کر چیزوں کو شکلوں (، ، ،) سے جوڑو۔



ماحول کی مختلف چیزیں طلبہ کو استعمال کرنے کے لیے دے۔ شکل کے لحاظ سے چیزوں کی جماعت بندی کرنے کے لیے کہے۔

٦ لُڑھکنا - پھِسلنا

طلبہ کو تصویروں کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیے۔ ان میں رونما ہونے والے واقعات بلند آواز سے پڑھ کر لڑھکنے اور پھسلنے سے متعلق بات چیت کرے۔

غور کرو۔

* پھسل پٹّی پر جس طرح گیند لڑھکتی جاتی ہے، اسی طرح جو چیز پھسل پٹّی پر لڑھکتی جاتی ہے، اس چیز کے سامنے ✓ لگاؤ۔

* پھسل پٹّی پر جس طرح کتاب پھسلتی ہے، اسی طرح جو چیز پھسل پٹّی پر پھسلتی ہوئی جائے گی اس چیز کے گرد ○ لگاؤ۔

* صحیح جگہ پر ✓ لگاؤ۔

چیز	لڑھکنا	پھسلنا
	✓	
		
		

* جس بیگ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ کرنے میں آسانی ہو اس بیگ کے نیچے کے ☐ میں رنگ بھرو۔



☐ ☐

کچھ چیزیں لُڑھکتی بھی ہیں اور پھِسلتی بھی ہیں۔



دماغ چلاؤ۔

* جو چیزیں لُڑھکتی بھی ہیں اور پھِسلتی بھی ہیں، اُن چیزوں کی تصویریں بناؤ۔

طلبہ کو کچھ چیزیں دے۔ ڈھلان والا تختہ رکھے۔ کون سی چیزیں لڑھکتی ہیں؟ کون سی چیزیں پھسلتی ہیں؟ یہ عمل کرکے طے کرنے کے لیے کہے۔ لڑھکنے والی چیز، لڑھکتی ہوئی کیوں گئی؟ پھسلنے والی چیز پھسلتی ہوئی کیوں گئی؟ اُس وقت ڈھلان پر چیز کی حالت کیسی تھی؟ اس سے متعلق طلبہ سے بات چیت کرے۔

۷ ۱ سے ۹ کی پہچان

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔





						۱

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔





						۲

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔





						۳

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔





						۴

مفت تقسیم کے لیے

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔



		۵

						۵

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔



		۶

						۶

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔





						۷

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔





						۸

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔





۹						

* تصویریں گنو۔ تصویروں کی تعداد کے برابر عدد کے گرد ○ بناؤ۔

۳	۲	۵



۷	۴	۳



۱	۳	۲

* تصویریں گنو۔ چوکون میں عدد لکھو۔







* دیے ہوئے عدد کے برابر تصویریں بناؤ۔

۸	۵	۹

* موتی گِن کر عدد لکھو۔

	۱	۱							
	۲	۲							
	۳	۳							

طلبہ کو مختلف چیزوں/تصویروں کی مدد سے ۱ سے ۹ عددوں کی پہچان کرائے۔ چیزوں/ چیزوں کے گروہ اور عددی کارڈ کے درمیان ربط قائم کرنے کی مشق کرائے۔ ۱ سے ۹ عددوں کی پہچان پختہ ہونے کے لیے ۱ سے ۹ عددوں کو لکھنے کی مشق کرائے۔

* باغ کا مشاہدہ کرو۔ تصویریں گنو۔ چوکون میں صحیح عدد لکھو۔

۴

طلبہ کو باغ کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیے۔ اس میں لڑکے، لڑکیاں، تتلیاں، دروازہ (گیٹ)، غبارے، پھول، پھسل پٹیاں، جھولے، پرندے وغیرہ کی کل تعداد مثالی طور پر دی گئی تصویروں کے نیچے کے چوکون میں لکھنے کے لیے کہیے۔ جیسے درختوں کی کل تعداد [۴] ۔

۸ ۰ کی پہچان

سمجھ لو۔

تھالی میں ۵ مودک ہیں۔

تھالی میں ۴ مودک باقی بچے۔

تھالی میں ۳ مودک باقی بچے۔

تھالی میں ۲ مودک باقی بچے۔

تھالی میں ۱ مودک باقی بچا۔



تھالی میں مودک نہیں بچے۔



تھالی میں ۰ مودک ہے۔

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰

طلبہ کو تصویروں کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیے۔ ہر مرتبہ تھالی میں سے ایک مودک کم ہوا تو آخر میں تھالی میں کتنے مودک باقی بچے؟ اس سے متعلق بات چیت کرے۔ تھالی میں مودک باقی نہیں بچا یعنی تھالی میں '۰' مودک ہے۔ اس کی اچھی طرح تفہیم کرے۔ 'صفر' کو علامت میں ' ۰ ' لکھتے ہیں، یہ بتائے۔ ماحول میں مختلف چیزوں کی مدد سے صفر کا تصور مزید واضح کرے۔

۱۰ کی پہچان



۱۰

دس



۹

نو کندے یعنی
۹ اکائی کندے



۱۰ اِکائی پینسلیں



۱۰ اکائی موتی

۱۰ اکائی کُھریا

۱۰ دس

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰
۱۰									

طلبہ کو ہاتھ کی اُنگلیوں کی مدد سے دکھائے کہ ۹ کے بعد ۱۰ کیسے بنتا ہے۔تصویروں کا استعمال کر کے ۱۰ کا عدد سمجھائے۔
۱۰ پڑھنے، ہاتھ پھیرنے اور لکھنے کے لیے کہے۔

* دہائی کی پہچان



۱۰ اکائی کندے



۱ دہائی ڈنڈا



۱۰ اکائی موتی



۱ دہائی ہار

۱۰ اکائی لڈّو



۱ دہائی لڈّو

۱۰ ایک جیسی چیزوں کا ایک گروہ یعنی ۱ دہائی

۱۰ اکائی یعنی ۱ دہائی

طلبہ کو ماحول میں پائی جانے والی چیزوں کی مدد سے عملی طور پر دہائی بنانے کے لیے کہیے۔

۱۰ جمع (جواب ۹ تک)

بتاؤ تو بھلا!

* امان بھائی نے بانو کو تصویر رنگنے کے لیے شروع میں کتنے رنگین کھریا دیے؟
* امان بھائی نے بانو کو تصویر رنگنے کے لیے بعد میں کتنے رنگین کھریا دیے؟
* بانو نے امان بھائی کے پاس سے تصویر رنگنے کے لیے کل کتنے رنگین کھریا لیے؟

مختلف چیزوں کا استعمال کر کے مواقع کی نوعیت کے لحاظ سے طلبہ سے جمع کی پیشگی تیاری کرائے۔

* تصویروں میں اُنگلیاں گنو۔ اتنی ہی لکیریں ان کے سامنے کے چوکون میں کھینچو۔ تمام لکیروں کو گن کر اُن کی کُل تعداد لکھو۔

	ǀ ǀ ǀ ǀ	۴
		
		

* دونوں گروہوں میں تصویریں گنو۔ تصویروں کی کل تعداد لکھو۔



☐ لٹّو



☐ لٹّو



۷ لٹّو

☐ تتلیاں



☐ تتلیاں



☐ تتلیاں

مفت تقسیم کے لیے

* تصویریں گنو۔ اس کے نیچے تصویروں کی تعداد لکھو۔ تمام تصویروں کو اکٹھا گن کر تصویروں کی کُل تعداد لکھو۔

→



۴ اور ۱ کُل ۵



اور کُل



اور (+) کُل (=)



+ برابر = جمع

طلبہ کو اس بات کی وضاحت کرے کہ ملانا، اکٹھا کرنا، اضافہ کرنا، مزید وغیرہ اعمال کرنا یعنی جمع کرنا ہے اور بتائے کہ جمع کے لیے '+' (زیادہ/اور) یہ علامت استعمال کرتے ہیں۔ یہ بھی بتائے کہ ۸ = ۲ + ۶ کو 'چھ جمع دو برابر آٹھ' اس طرح بھی پڑھتے ہیں۔

- جمع (آڑی ترتیب دے کر)

۶	=	۲	+	۴
(چھے)	(برابر)	(دو)	(جمع)	(چار)

۶ + ۳ = ☐

* حل کرو۔

۵ + ۴ = ☐	۴ + ۳ = ☐	۳ + ۱ = ۴
۲ + ۷ = ☐	۴ + ۴ = ☐	۳ + ۳ = ☐

* جمع (کھڑی ترتیب دے کر)



۳
\+ ۲
―――
۵



☐
\+ ☐
―――
☐

* حل کرو۔

۲	۷	۵	۸	۶
+ ۳	+ ۱	+ ۲	+ ۱	+ ۲
☐	☐	☐	☐	۸

* حل کرو۔

۴ + ۳ = ۷ یعنی

۴
\+ ۳
———
۷

|||| |||

۵ + ۳ = □ یعنی

□
\+ □
———
□

۴ + ۲ = □ یعنی

□
\+ □
———
□

۶ + ۳ = □ یعنی

□
\+ □
———
□

* حل کرو۔

ساجد ۴ پھول لایا۔ رضیہ ۳ پھول لائی۔ دونوں نے مل کر کُل کتنے پھول لائے؟

ساجد ۴ پھول لایا۔
رضیہ ۳ پھول لائی۔ +
کل ۷ پھول لائے۔

۴ + ۳ = ۷

سُریش نے ۷ رن بنائے۔ رفیق نے ۲ رن بنائے۔ دونوں نے مل کر کُل کتنے رن بنائے؟

سُریش نے ۷ رن بنائے۔
رفیق نے ۲ رن بنائے۔ +
کل □ رن بنائے۔

□ + □ = □

راجو ۶ بالٹی پانی لایا۔ رانی ۱ بالٹی پانی لائی۔ دونوں نے مل کر کُل کتنی بالٹی پانی لائے؟

راجو □ بالٹی پانی لایا۔
رانی □ بالٹی پانی لائی۔ +
کل □ بالٹی پانی لائے۔

□ + □ = □

اقبال کے کھیت میں ۵ گائے ہیں۔ ثمینہ کے کھیت میں ۳ گائے ہیں۔ دونوں کے کھیتوں میں کُل ملا کر کتنی گائے ہوئیں؟

اقبال کے کھیت میں □ گائے ہیں۔
ثمینہ کے کھیت میں □ گائے ہیں۔ +
کل □ گائے ہوئیں۔

□ + □ = □

طلبہ سے مختلف مثالوں کی مدد سے جمع کی مشق کرائے۔

نیچے کی تھالی میں امرؤد	۵
ہاتھ میں کی تھالی میں موجود امرؤد	۰
دونوں تھالیوں کے کُل امرؤد	۵

۵ + ۰ = ۵

اکٹّھا کرتے وقت، دی ہوئی چیزوں میں
ایک بھی چیز نہیں ملاتے ہیں تو اتنی ہی چیزیں رہتی ہیں۔

* حل کرو۔

۲ + ۰ = ۲

۴ + ۰ = ☐

۶ + ۰ = ☐

۹ + ۰ = ☐

۱	۷	۸	۳
+ ۰	+ ۰	+ ۰	+ ۰
☐	☐	☐	☐

طلبہ کے ذریعے دستیاب چیزوں کا استعمال کرکے ان میں ایک بھی چیز نہ ملاتے ہوئے، اتنی ہی چیزیں رہتی ہیں، اس سے متعلق عمل پر مبنی مثالوں والی مشق کرائے۔

۱۱ تفریق

سمجھ لو۔







بس اسٹینڈ پر کچھ بسیں کھڑی ہیں۔ اُن میں سے کچھ بسیں چلی گئیں۔ بسیں کم ہوگئیں یا بڑھ گئیں؟ کتنی بسیں تھیں؟ کتنی کم ہوگئیں؟ کتنی بسیں باقی رہ گئیں؟ اسی طرح ہر تصویر کے بارے میں پوچھے۔ کم کرنا، نکال لینا، گھٹانا، ایک طرف کرنا، باہر نکالنا وغیرہ الفاظ کا استعمال کر کے تفریق کا تصور واضح کرے۔

• تفریق (ایک طرف کرنا یا باہر نکالنا/گروہ سے کم کرنا)

* تصویر دیکھو۔ تصویر کے نیچے چوکون میں صحیح عدد لکھو۔

برنی میں ۵ لڈّو ہیں۔

برنی سے ۲ لڈّو نکالے۔

برنی میں ____ لڈّو باقی بچ گئے۔

۹ میں سے ۳ پھول آپا نے لے لیے
تو ____ پھول باقی رہ گئے۔



____ میں سے ____ بیگن ترکاری بنانے
کے لیے لیے تو ____ بیگن باقی رہ گئے۔



____ میں سے ____ پیالیاں ایک طرف
نکال دی گئیں تو ____ پیالیاں باقی بچ گئیں۔



____ میں سے ____ غبارے بھائی جان کو
دے دیے تو ____ غبارے باقی بچ گئے۔

* تفریق (آڑی ترتیب دے کر)

کُل پتنگیں		کم کی گئی پتنگیں		باقی رہ گئی پتنگیں
۵	تفریق	۲	برابر	۳

کُل ہوائی جہاز	(تفریق)	کم کیے گئے ہوائی جہاز	(برابر)	باقی رہ گئے ہوائی جہاز
۷	-	۳	=	☐

☐	-	☐	=	☐

* حل کرو۔

۳ - ۱ = ۲ (|| /)

۶ - ۳ = ☐

۷ - ۲ = ☐

۸ - ۵ = ☐

۹ - ۷ = ☐

۵ - ۴ = ☐

* تفریق (کھڑی ترتیب دے کر)

۳
- ۲

۱



۷
- ۴

۳



۸
- ۳

۵

طلبہ کو بتائے کہ تفریق کے لیے تفریق کی علامت ' - ' استعمال کرتے ہیں۔ ۴ = ۳ - ۷ کو سات تفریق تین برابر چار پڑھتے ہیں۔

* حل کرو۔

۷	۶	۹	۸	۵
− ۱	− ۲	− ۵	− ۳	− ۴
☐	☐	☐	☐	☐

* حل کرو۔

۵ − ۲ = ۳ یعنی

۵
− ۲
۳

| | | | / /

۷ − ۳ = ☐ یعنی

۷
− ۳
☐

۶ − ۴ = ☐ یعنی

☐
− ☐
☐

۹ − ۸ = ☐ یعنی

☐
− ☐
☐

* حل کرو۔

امّی نے ۷ روٹیاں پکائیں۔ اُن میں سے ۲ روٹیاں بھائی کو ٹفن میں دیں تو کتنی روٹیاں باقی بچ گئیں؟

امّی نے ۷ روٹیاں پکائیں۔

بھائی کو ٹفن میں ۲ روٹیاں دیں۔ −

۵ روٹیاں بچ گئیں۔

۷ − ۲ = ۵

ایاز کے پاس ۸ چیکو ہیں۔ ان میں سے ۴ چیکو شاہد کو دیے تو ایاز کے پاس کتنے چیکو باقی بچ گئے؟

ایاز کے پاس ۸ چیکو ہیں۔

شاہد کو ۴ چیکو دیے۔ −

ایاز کے پاس ☐ چیکو باقی بچ گئے۔

۸ − ۴ = ☐

گل دان میں ۹ پھول ہیں۔ اُن میں سے ۲ پھول نکالے تو گل دان میں کتنے پھول باقی رہ گئے؟

گل دان میں ☐ پھول ہیں۔

ان میں سے ☐ پھول نکالے۔ −

گل دان میں ☐ پھول باقی رہ گئے۔

☐ − ☐ = ☐

ٹوکری میں ٦ پراٹھے تھے۔ ساجدہ نے ١ پراٹھا کھائی تو ٹوکری میں کتنے پراٹھے باقی رہ گئے؟

ٹوکری میں ☐ پراٹھے تھے۔

ساجدہ نے ☐ پراٹھا کھائی۔ −

ٹوکری میں ☐ پراٹھے باقی رہ گئے۔

☐ − ☐ = ☐

سمجھ لو۔

ساسر میں لڈّو	١	
کھائے لڈّو	١	−
ساسر میں باقی بچے لڈّو	۰	

ساسر میں ١ لڈّو تھا۔ جب وہ لڈّو کھالیا تب ساسر میں ۰ لڈّو باقی بچ گیا۔

دی ہوئی چیزوں کے گروہ میں سے اتنی ہی چیزیں کم کرنے پر ۰ چیز باقی بچتی ہے۔

* حل کرو۔

۲ − ۲ = ۰

۳ − ۳ = ☐

۴ − ۴ = ☐

۹ − ۹ = ☐

۷	۵	۸	٦
− ۷	− ۵	− ۸	− ٦
☐	☐	☐	☐

طلبہ کو دستیاب چیزوں کے کچھ گروہ بنانے کے لیے کہے۔ ان میں سے تمام چیزیں کم کرنے کے بعد ۰ چیز باقی بچتی ہے، اسے واضح کرنے کے لیے مشق کرائے۔

۱۲   ۱۱ سے ۲۰ کی پہچان



* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۱۱	۱۱	۱۱	۱۱	۱۱



* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۱۲	۱۲	۱۲	۱۲	۱۲



* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۱۳	۱۳	۱۳	۱۳	۱۳



* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۱۴	۱۴	۱۴	۱۴	۱۴

مفت تقسیم کے لیے

۵ اِکائی

۱ دہائی

۵ + ۱۰

۱۵
پندرہ

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۱۵	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵

٦ اِکائی

۱ دہائی

٦ + ۱۰

۱٦
سولہ

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۱٦	۱٦	۱٦	۱٦	۱٦



۷ اِکائی

۱ دہائی

۷ + ۱۰

۱۷
سترہ

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۱۷	۱۷	۱۷	۱۷	۱۷



۸ اِکائی

۱ دہائی

۸ + ۱۰

۱۸
اٹھارہ

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۱۸	۱۸	۱۸	۱۸	۱۸

۹ اِکائی　　۱ دہائی

۹　　۱۰

۱۹
اُنّیس

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۱۹	۱۹	۱۹	۱۹	**۱۹**



۰ اِکائی　　۲ دہائی

۰　　۲۰

۲۰
بیس

* پڑھو، ہاتھ پھیرو اور لکھو۔

۲۰	۲۰	۲۰	۲۰	**۲۰**

* خالی خانوں میں صحیح عدد لکھو۔

۱۱		۱۳		۱۵		۱۷		۱۹	
			۱۴				۱۸		
	۱۲								۲۰
					۱۶				

طلبہ کو ۱۱ سے ۲۰ تک عددوں کی پہچان کرائے۔ اسی طرح ۱۱ سے ۲۰ تک عددوں کو پڑھنے، ہاتھ پھیرنے اور لکھنے کے لیے کہے۔

پروجیکٹ (منصوبہ): پرانے پُٹھوں کو استعمال کر کے عددوں کو پڑھنے کے لیے ۱ سے ۲۰ تک عددی کارڈ تیار کرو۔

۱۳ متصل آگے کا، متصل پیچھے کا اور بیچ کا عدد

سمجھ لو۔

۶ : میں عدد ۶ ہوں۔ میں ۵ اور ۷ کے بیچ کا عدد ہوں۔

۵ : میں عدد ۵ ہوں۔ میں ۶ کے متصل پیچھے کا عدد ہوں۔

۷ : میں عدد ۷ ہوں۔ میں ۶ کے متصل آگے کا عدد ہوں۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱

۴ کے متصل پیچھے کا عدد ۳
۴ کے متصل آگے کا عدد ۵
۳ اور ۵ کے بیچ کا عدد ۴

۱۰ کے متصل پیچھے کا عدد ۹
۱۰ کے متصل آگے کا عدد ۱۱
۹ اور ۱۱ کے بیچ کا عدد ۱۰

* حل کرو۔



بیچ کا عدد		
۱۱	۱۰	۹
۹		۷
۱۳		۱۱
۲۰		۱۸
۱۹		۱۷
۱۴		۱۲

متصل پیچھے کا عدد	
۳	۲
۹	
۱۱	
۱۶	
۱۴	
۲۰	

متصل آگے کا عدد	
۲	۱
	۳
	۱۰
	۱۵
	۱۸
	۱۹

طلبہ کو اوپر بتائے ہوئے طریقے کے مطابق ۱ سے ۲۰ تک عددوں کے متصل آگے کے، متصل پیچھے کے اور بیچ کے عددوں کی مشق کرائے۔

۱۴ عددوں کا چھوٹا - بڑا پن

* کم چیزوں والی تصویر کے نیچے چوکون میں ✓ لگاؤ۔



* تصویریں گنو۔ چوکون میں صحیح تعداد لکھو۔ دونوں میں سے بڑے عدد کے سامنے کے ☐ میں لال رنگ اور چھوٹے عدد کے سامنے کے ☐ میں پیلا رنگ بھرو۔

تصویریں	تعداد	چوکون
	۳	
	٦	

		



۱۵



۱۲

۱۲ کھریے ۱۵ کھریوں کے مقابلے میں کم ہیں۔اس لیے عدد ۱۲ عدد ۱۵ کے مقابلے میں چھوٹا ہے۔

۱۵ کھریے ۱۲ کھریوں کے مقابلے میں زیادہ ہیں۔اس لیے عدد ۱۵ عدد ۱۲ کے مقابلے میں بڑا ہے۔

* دیے ہوئے عددوں کے لیے دہائی کا ہار اور کھلے موتی بنا کر چھوٹا اور بڑا عدد لکھو۔

عدد	دہائی والا ہار اور کھلے موتی	چھوٹا عدد	بڑا عدد
۱۴		۱۴	۱۶
۱۶			
۱۳			
۱۱			
۱۷			
۱۹			
۱۰			
۱۲			
۱۸			
۱۵			

* دیے ہوئے عدد سے کوئی بھی ایک چھوٹا عدد لکھو۔

۱۱		۱۵		۱۰	
۱۶		۸		۵	
۱۳		۱۹		۱۷	

* دیے ہوئے عدد سے کوئی بھی ایک بڑا عدد لکھو۔

۱۹		۱۶		۹	
۶		۱۰		۱۵	
۱۲		۱۴		۱۸	

* دیے ہوئے عدد سے کوئی بھی دو بڑے عدد لکھو۔

۱۱			۱۳		
۱۶			۱۵		
۱۲			۱۷		

* دیے ہوئے عدد سے کوئی بھی دو چھوٹے عدد لکھو۔

۱۵			۱۴		
۱۷			۱۹		
۲۰			۱۸		

طلبہ سے عددوں کا چھوٹا - بڑا پن (۲۰ تک) سے متعلق بات چیت کرے۔ مختلف مثالوں کے ذریعے مشق کرائے۔ مثالوں کے ذریعے 'سے چھوٹا ہے'، 'سے بڑا ہے' جیسے تصورات کی مشق کرائے۔

۱۵ چڑھتی ترتیب - اُترتی ترتیب

سمجھ لو۔

استانی : بچّو، یہ ۳ لیمو دیکھو۔

ماجدہ، تم پہلے سب سے چھوٹا لیمو رکھو۔

راجو، تم باقی رہ گئے دو لیمو میں سے چھوٹا لیمو پہلے رکھے ہوئے لیمو کے آگے رکھو۔

عائشہ، تم باقی رہ گئے سب سے بڑے لیمو کو اُن کے آگے رکھو۔

استانی : شاباش ! تم نے شکل میں چھوٹے لیمو سے شکل میں بڑے لیمو، اِس ترتیب میں لیمو بالکل صحیح رکھے۔

شکل میں سب سے چھوٹی گیند سے سب سے بڑی گیند کی صحیح ترتیب جس نے لگائی، اس کے سامنے ✓ لگاؤ۔			شکل میں سب سے بڑی گیند سے سب سے چھوٹی گیند کی صحیح ترتیب جس نے لگائی، اس کے سامنے ✓ لگاؤ۔		
ثمینہ		☐	شاہد		☐
رفیق		☐	منجو		☐
امان		☐	یوسف		☐

طلبہ سے شکل، لمبائی اِن خصوصیات کے تحت عملی مظاہرے سے سب سے چھوٹے سے سب سے بڑے کی طرف، سب سے بڑے سے سب سے چھوٹے کی طرف، سب سے کم لمبائی سے سب سے زیادہ لمبائی کی طرف، سب سے زیادہ لمبے سے سب سے کم لمبائی کی طرف، اِس طرح چیزوں کی ترتیب لگانے کی مشق کی جائے۔

• کندے گن کر عددوں کی چڑھتی ترتیب

استانی : چلو، دیے ہوئے کندے گنو۔ اُن کے نیچے ان کی تعداد لکھو۔



استانی : اب ہم چھوٹے عدد سے بڑے عدد کی طرف ترتیب سے کندے رکھیں گے۔



* چھوٹے عدد سے بڑے عدد کی طرف ترتیب سے عدد لکھو۔



طلبہ کو کندوں کی مدد سے ۱ سے ۹ عددوں کی چڑھتی ترتیب سمجھائے۔

• عددوں کی چڑھتی ترتیب

۲, ۵, ۳

استانی : دیے ہوئے عددوں کو چڑھتی ترتیب میں لکھیں گے۔ کلیم، تم ان عددوں کو پڑھو۔

کلیم : دو، پانچ، تین۔

استانی : ان تین عددوں میں سب سے چھوٹا عدد کون سا ہے؟ اسے لکھو۔

کلیم : دو۔

۲

استانی : باقی رہ گئے دو عددوں میں چھوٹا عدد کون سا ہے؟ اسے دو کے بعد لکھو۔

کلیم : تین۔

۲, ۳

استانی : باقی رہ گیا عدد کون سا؟ اسے تین کے بعد لکھو۔

استانی : پانچ۔

۲, ۳, ۵

استانی : ۲, ۵, ۳ اِن تین عددوں میں سب سے چھوٹا عدد ۲ ہے اور سب سے بڑا عدد ۵ ہے؛ اس لیے ۲, ۵, ۳ اِن عددوں کی چڑھتی ترتیب ۲, ۳, ۵ ہے۔

دیے ہوئے تین عددوں کو چڑھتی ترتیب میں لکھتے وقت، شروع میں سب سے چھوٹا عدد، اس کے بعد اس سے بڑا عدد اور آخر میں سب سے بڑا عدد لکھتے ہیں۔

* عددوں کو چڑھتی ترتیب میں لکھو۔

چڑھتی ترتیب	عدد
۱, ۲, ۴	۲, ۱, ۴
	۳, ۵, ۱
	۴, ۹, ۲
	۶, ۸, ۷

عددوں کے درمیان انگریزی وقفہ (,) ہو تو ان کو بائیں سے دائیں پڑھنے کے لیے کہے مثلاً (۲, ۱, ۴) کو 'دو، ایک، چار' اور اُردو وقفہ (،) ہونے پر عددوں کو دائیں سے بائیں پڑھنے کے لیے کہے مثلاً (۴ ، ۱ ، ۲) کو 'چار، ایک، دو'۔

• کندے گن کر عددوں کی اُترتی ترتیب

استانی : چلو، دیے ہوئے کندے گنو۔ ان کے نیچے ان کی تعداد لکھو۔



استانی : اب ہم بڑے عدد سے چھوٹے عدد کی طرف ترتیب سے کندے رکھیں گے۔



* بڑے عدد سے چھوٹے عدد کی طرف ترتیب سے عدد لکھو۔



کندوں کی مدد سے ١ سے ٩ کی اُترتی ترتیب سمجھائیے۔

• کندے گن کر عددوں کی اُترتی ترتیب

۲, ۵, ۳

استانی : دیے ہوئے عددوں کو اُترتی ترتیب میں لکھیں گے۔ ماجدہ، اِن عددوں کو پڑھو۔

ماجدہ : دو، پانچ، تین۔

استانی : اِن تین عددوں میں سب سے بڑا عدد کون سا ہے؟ اسے لکھو۔

ماجدہ : پانچ

۵

استانی : باقی رہ گئے دو عددوں میں بڑا عدد کون سا ہے؟ اسے پانچ کے بعد لکھو۔

ماجدہ : تین۔

۵, ۳

استانی : اب باقی رہ گیا عدد کون سا ہے؟ اسے تین کے بعد لکھو۔

ماجدہ : دو۔

۲, ۳, ۵

استانی : ۲, ۵, ۳ اِن تین عددوں میں سب سے بڑا عدد ۵ ہے اور سب سے چھوٹا عدد ۲ ہے؛ اس لیے ۲, ۵, ۳ اِن عددوں کی اُترتی ترتیب ۲ ,۳ ,۵ ہے۔

> دیے ہوئے تین عددوں کو اُترتی ترتیب میں لکھتے وقت، شروع میں سب سے بڑا عدد، اس کے بعد اس سے چھوٹا عدد اور آخر میں سب سے چھوٹا عدد لکھتے ہیں۔

✻ عددوں کو اُترتی ترتیب میں لکھو۔

اُترتی ترتیب	عدد
۸, ۵, ۱	۸, ۱, ۵
	۹, ۳, ۶
	۴, ۲, ۷
	۱, ۶, ۳

۱۶ آؤ، معلومات سمجھ لیں

ماں کی مدد

والد : سلیم، یہاں آؤ۔ امّی کو برتن جگہ پر رکھنے میں مدد کرو۔

سلیم : آیا ابّا۔ (سلیم نے تمام برتن ٹوکری سے باہر نکالے۔ چمچے، گلاس، پیالیاں، ساسر، تھالی الگ الگ کرکے چٹائی پر رکھے)





والد : سلیم، مجھے برتن لا کر دو۔

سلیم : یہ لو ابّا۔ ۵ چمچے اور ۳ پیالیاں ہیں۔

والد : اب مجھے تھالی، گلاس اور ساسر دو۔

سلیم : جی ابّا۔ ۴ تھالی، ۶ گلاس اور ۲ ساسر لو۔
ارے! یہ بڑا چمچہ رکھنا باقی رہ گیا۔

والد : لاؤ اِدھر۔ تمام برتن لگانا ہو گیا نا؟

سلیم : جی ہاں ابّا۔

والد : شاباش! تمھاری مدد سے امّی کے کام فوراً ہو گئے۔

طلبہ کو مکالمے کے ذریعے شماریات (معلومات کا انتظام) کا تصور سمجھائیے۔

* چٹائی پر رکھے ہوئے برتنوں کی تعداد گنو اور لکھو۔

چٹائی پر رکھے ہوئے برتن	برتنوں کی تعداد

پروجیکٹ (منصوبہ): کپڑے کی گھڑی لگا کر ٹھیک ڈھنگ سے رکھنے میں امّی ابّا کی مدد کرو۔

* تصویر کا مشاہدہ کرو۔

* تصویر کی مدد سے جدول مکمل کرو۔

رنگ / چیز	نیلا	پیلا	لال
چھتری	۷		
رین کوٹ / برساتی			

* جدول کی مدد سے صحیح جواب پر ✓ نشان لگاؤ۔

← کون سے رنگ کی چھتریاں زیادہ ہیں؟ نیلی / پیلی / لال

← کون سے رنگ کے رین کوٹ کم ہیں؟ نیلے / پیلے / لال

۱۷ جمع (آگے گن کر)

* موتیوں کے ہار میں موتی آگے گن کر جمع کرو۔

۴ + ۳ = ☐



۳ + ۳ = ☐



۶ + ۲ = ☐



۵ + ۴ = ☐



طلبہ کے ذریعے موتیوں کے ہار پر جمع (آگے گن کر) کرنے کی مشق کرائے۔

• جمع (عددی پٹّی کا استعمال کر کے)

* خرگوش نے عددی پٹّی پر ۳ سے آگے ۲ چھلانگ لگائی اور ۵ پر پہنچ گیا۔

یعنی، ۵ = ۲ + ۳

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

* خرگوش نے عددی پٹّی پر ۴ سے آگے ۳ چھلانگ لگائی اور ☐ پر پہنچ گیا۔

اس لیے، ☐ = ۳ + ۴



۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

* خرگوش نے عددی پٹّی پر ۵ سے آگے ۴ چھلانگ لگائی اور ☐ پر پہنچ گیا۔

اس لیے، ☐ = ۴ + ۵



۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

* خرگوش نے عددی پٹّی پر ۱ سے آگے ۶ چھلانگ لگائی اور ☐ پر پہنچ گیا۔

اس لیے، ☐ = ☐ + ☐

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

عددی پٹّی دیکھو۔عددی پٹّی پر خرگوش ۱ سے چھلانگ لگاتے ہوئے ۱۰ تک پہنچ گیا ہے۔



۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

سمجھ لو۔

دیے ہوئے عددی پٹّی پر خرگوش نے ۴ سے آگے ۳ عددوں والی چھلانگ لگا کر ۷ پر پہنچ گیا۔اس لیے

۴ + ۳ = ۷



۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

* عددی پٹّی کا استعمال کرکے جمع کرو۔

۵ + ۳ =

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

۴ + ۲ =

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

۶ + ۱ =

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

طلبہ سے جمع کی (عددی پٹی کا استعمال کرکے) مختلف مثالوں کے ذریعے مشق کرائے۔

۱۸ تفریق (آگے گن کر)

• تفریق (عددی پٹّی کا استعمال کر کے)

✻ خرگوش نے عددی پٹّی پر ۷ سے پیچھے ۴ چھلانگ لگائی اور ۳ پر پہنچ گیا۔

اس لیے ، [۳] = ۴ - ۷

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

✻ خرگوش نے عددی پٹّی پر ۸ سے پیچھے ۶ چھلانگ لگائی اور [____] پر پہنچ گیا۔

اس لیے ، [____] = ۶ - ۸



۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

✻ خرگوش نے عددی پٹّی پر ۹ سے پیچھے ۳ چھلانگ لگائی اور [____] پر پہنچ گیا۔

اس لیے ، [____] = ۳ - ۹

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

✻ خرگوش نے عددی پٹّی پر ۸ سے پیچھے ۱ چھلانگ لگائی اور [____] پر پہنچ گیا۔

اس لیے ، [____] = [____] - [____]

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

عددی پٹّی دیکھو۔ عددی پٹّی پر خرگوش ۱۰ سے چھلانگ لگاتے ہوئے ۱ تک پہنچ گیا ہے۔



سمجھ لو۔

دیے ہوئے عددی پٹّی پر خرگوش نے ۶ سے پیچھے ۲ عددوں کی چھلانگ لگا کر ۴ پر پہنچ گیا۔ اس لیے

۶ − ۲ = ۴



* عددی پٹّی کا استعمال کر کے تفریق کرو۔

۴ − ۱ = ☐

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

۵ − ۳ = ☐

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

۸ − ۲ = ☐

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

طلبہ سے تفریق کی (عددی پٹّی کا استعمال کر کے) مختلف مثالوں کے ذریعے مشق کرائے۔

۱۹   ۲۱ سے ۳۰ کی پہچان

۲۱ اِکّیس	 ایک اکائی	 دو دہائی
۲۲ بائیس	 دو اکائی	 دو دہائی
۲۳ تیئیس	 تین اکائی	 دو دہائی
۲۴ چوبیس	 چار اکائی	 دو دہائی
۲۵ پچیس	 پانچ اکائی	 دو دہائی
۲۶ چھبیس	 چھے اکائی	 دو دہائی

مفت تقسیم کے لیے

۲۷ ستائیس	 ۷ اکائی	 دو دہائی
۲۸ اٹھائیس	 ۸ اکائی	 دو دہائی
۲۹ اُنتیس	 ۹ اکائی	 دو دہائی
۳۰ تیس	صفر اکائی	 تین دہائی

* دیے ہوئے عددوں کے آگے کے عدد ترتیب سے لکھو۔

۲۱				

۲۴				

۲۶				

۲۳				

* جوڑیاں لگاؤ۔



۲۳
۲۱
۲۷
۲۸
۲۵

* متصل آگے کا عدد لکھو۔

۲۱	۲۲	۲۴		۲۶		۲۹	

* متصل پیچھے کا عدد لکھو۔

۲۶	۲۷		۲۳		۲۹		۲۵

* متصل آگے کا اور متصل پیچھے کا عدد لکھو۔

	۲۳			۲۶			۲۹	

۲۰ ۳۱ سے ۹۹ کی پہچان

۳۱ سے ۴۰ کی پہچان

۳۱ اکتیس	ایک اکائی	تین دہائی
۳۲ بتیس	دو اکائی	تین دہائی
۳۳ تینتیس	تین اکائی	تین دہائی
۳۴ چونتیس	چار اکائی	تین دہائی
۳۵ پینتیس	پانچ اکائی	تین دہائی
۳۶ چھتیس	چھے اکائی	تین دہائی

۳۷ سینتیس	 سات اکائی	 تین دہائی
۳۸ اَڑتیس	 آٹھ اکائی	 تین دہائی
۳۹ اُنتالیس	 نو اکائی	 تین دہائی
۴۰ چالیس	صفر اکائی	 چار دہائی

* عددوں کو ترتیب سے لکھ کر خالی چوکون مکمل کرو۔

۳۱					۳۶				۴۰

* متصل آگے کا عدد لکھو۔

۳۱	۳۲	۳۴		۳۸		۳۰	

* متصل پیچھے کا عدد لکھو۔

۳۱	۳۲		۳۷		۳۵		۴۰

۴۱ سے ۵۰ کی پہچان

عدد	اکائی	دہائی
۴۱ اِکتالیس	ایک اِکائی	چار دہائی
۴۲ بیالیس	دو اِکائی	چار دہائی
۴۳ تینتالیس	تین اِکائی	چار دہائی
۴۴ چوالیس	چار اِکائی	چار دہائی
۴۵ پینتالیس	پانچ اِکائی	چار دہائی
۴۶ چھیالیس	چھے اِکائی	چار دہائی
۴۷ سینتالیس	سات اِکائی	چار دہائی
۴۸ اَڑتالیس	آٹھ اِکائی	چار دہائی
۴۹ اُنچاس	نو اِکائی	چار دہائی
۵۰ پچاس	صفر اِکائی	پانچ دہائی

* متصل آگے کا عدد لکھو۔

۴۹	
۴۶	

* متصل پیچھے کا عدد لکھو۔

	۴۴
	۴۸

۵۱ سے ۶۰ کی پہچان

عدد	اکائی	دہائی
۵۱ اکیاون	ایک اِکائی	پانچ دہائی
۵۲ باوَن	دو اِکائی	پانچ دہائی
۵۳ ترپن	تین اِکائی	پانچ دہائی
۵۴ چوّن	چار اِکائی	پانچ دہائی
۵۵ پچپن	پانچ اِکائی	پانچ دہائی
۵۶ چھپّن	چھے اِکائی	پانچ دہائی
۵۷ ستّاون	سات اِکائی	پانچ دہائی
۵۸ اَٹھّاوَن	آٹھ اِکائی	پانچ دہائی
۵۹ اُنسٹھ	نو اِکائی	پانچ دہائی
۶۰ ساٹھ	صفر اِکائی	چھے دہائی

* عددوں کو ترتیب وار لکھ کر خالی چوکون مکمل کرو۔

۵۱		۵۳				۵۷		۵۹	

٦١ سے ٧٠ کی پہچان

٦١ اکسٹھ	ایک اِکائی	چھے دہائی
٦٢ باسٹھ	دو اِکائی	چھے دہائی
٦٣ ترسٹھ	تین اِکائی	چھے دہائی
٦٤ چونسٹھ	چار اِکائی	چھے دہائی
٦٥ پینسٹھ	پانچ اِکائی	چھے دہائی
٦٦ چھیاسٹھ	چھے اِکائی	چھے دہائی
٦٧ سینسٹھ	سات اِکائی	چھے دہائی
٦٨ اَڑسٹھ	آٹھ اِکائی	چھے دہائی
٦٩ اُنہتّر	نو اِکائی	چھے دہائی
٧٠ ستّر	صفر اِکائی	سات دہائی

* عددوں کو ترتیب وار لکھ کر خالی چوکون مکمل کرو۔

٦١			٦٤			٦٧			

۷۱ سے ۸۰ کی پہچان

عدد	اکائی	دہائی
۷۱ اکہتّر	ایک اِکائی	سات دہائی
۷۲ بہتّر	دو اِکائی	سات دہائی
۷۳ تہتّر	تین اِکائی	سات دہائی
۷۴ چوہتّر	چار اِکائی	سات دہائی
۷۵ پچھتّر	پانچ اِکائی	سات دہائی
۷۶ چھہتّر	چھے اِکائی	سات دہائی
۷۷ ستہتّر	سات اِکائی	سات دہائی
۷۸ اَٹھہتّر	آٹھ اِکائی	سات دہائی
۷۹ اُناسی	نو اِکائی	سات دہائی
۸۰ اَسّی	صفر اِکائی	آٹھ دہائی

* متصل آگے کا عدد لکھو۔

۷۶		۷۴	

* بیچ کا عدد لکھو۔

۷۸		۷۶	۷۳		۷۱

۸۱ سے ۹۰ کی پہچان

۸۱ اکیاسی	ایک اِکائی	آٹھ دہائی
۸۲ بیاسی	دو اِکائی	آٹھ دہائی
۸۳ تراسی	تین اِکائی	آٹھ دہائی
۸۴ چوراسی	چار اِکائی	آٹھ دہائی
۸۵ پچاسی	پانچ اِکائی	آٹھ دہائی
۸۶ چھیاسی	چھے اِکائی	آٹھ دہائی
۸۷ ستاسی	سات اِکائی	آٹھ دہائی
۸۸ اَٹھاسی	آٹھ اِکائی	آٹھ دہائی
۸۹ نواسی	نو اِکائی	آٹھ دہائی
۹۰ نوّے	صفر اِکائی	نو دہائی

* دیے ہوئے خالی چوکون میں صحیح عدد لکھو۔

۸۴ کا متصل پیچھے کا عدد لکھو۔ ☐ | ۸۸ کا متصل آگے کا عدد لکھو۔ ☐

٩١ سے ٩٩ کی پہچان

عدد	اکائی	دہائی
٩١ اکیانوے	• ایک اِکائی	نو دہائی
٩٢ بیانوے	•• دو اِکائی	نو دہائی
٩٣ ترانوے	••• تین اِکائی	نو دہائی
٩٤ چورانوے	•••• چار اِکائی	نو دہائی
٩٥ پچانوے	••••• پانچ اِکائی	نو دہائی
٩٦ چھیانوے	•••••• چھے اِکائی	نو دہائی
٩٧ ستانوے	••••••• سات اِکائی	نو دہائی
٩٨ اَٹھانوے	•••••••• آٹھ اِکائی	نو دہائی
٩٩ ننانوے	••••••••• نو اِکائی	نو دہائی
١٠٠ کی پہچان		
١٠٠ سو	صفر اِکائی	دس دہائی

* خالی چوکون میں صحیح عدد لکھو۔

١٠٠					٩٥				

غور کرو۔

۱	۲		۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶		۲۸	۲۹	۳۰
۳۱	۳۲	۳۳	۳۴		۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰
۴۱		۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸	۴۹	۵۰
۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶	۵۷	۵۸		۶۰
۶۱	۶۲	۶۳		۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰
۷۱	۷۲	۷۳	۷۴	۷۵		۷۷	۷۸	۷۹	۸۰
۸۱	۸۲	۸۳	۸۴	۸۵	۸۶	۸۷		۸۹	۹۰
۹۱	۹۲	۹۳	۹۴	۹۵	۹۶	۹۷	۹۸	۹۹	

* تصویر کی جگہ آنے والا عدد، تصویر کے نیچے کے چوکون میں لکھو۔



۲۱ عددوں کا گیت

مل کر گنتی سیکھیں آؤ
کھیل عدد کا کھیلیں آؤ

کپ رکھتا ہے **ایک** ہی کان
دو پر ہیں چڑیا کی جان
لگائیں پر اُڑ جائیں آؤ
کھیل عدد کا کھیلیں آؤ

تین جھنڈیاں تین کنار
اور تکیے کے کونے **چار**
نرم تکیے پہ سوجائیں آؤ
کھیل عدد کا کھیلیں آؤ

اپنے ہاتھ میں ہے **پانچ** اُنگلی
چھے پاؤں والی ہے یہ تتلی
تتلی بنیں اُڑ جائیں آؤ
کھیل عدد کا کھیلیں آؤ

شمع دان کی **سات** بتّیاں
چھتری میں **آٹھ** تیلیاں
چلو بارِش میں جائیں آؤ
کھیل عدد کا کھیلیں آؤ

نو بار ہم سب تالی بجائیں
دس مرتبہ اُچھلیں کوُدیں
ہنستے کھیلتے سیکھیں آؤ
کھیل عدد کا کھیلیں آؤ

طلبہ سے ایک سے دس کے عددی نام (لفظوں میں) لکھنے کی مشق کرائے۔

• عدد اور عددوں کے نام (عددی نام)

۱	ایک
۲	دو
۳	تین
۴	چار
۵	پانچ
۶	چھے
۷	سات
۸	آٹھ
۹	نو
۱۰	دس

* ایک سے دس کے عددی نام تلاش کرو۔

خ	ن	د	ت	ی	ن
ا	و	و	ر	ک	د
ی	چھ	ج	س	ف	س
ک	ے	پ	ا	ن	چ
آ	ب	ش	ت	ق	ا
ٹھ	پ	ص	ض	ل	ر

* عدد پڑھو اور عددی نام لکھو۔

۵ ....پانچ........

۱ ....

۴ ....

۸ ....

۶ ....

۱۰ ....

۲ ....

۹ ....

۳ ....

۷ ....

۲۲ تواتر

اَنیا نے بیل پولا کے دن اردگرد کی سجاوٹ کا مشاہدہ کیا۔اس کے مطابق اس نے گھر کی جھالر اور بیل کے جسم پر جھول کے کچھ تواتر اپنی بیاض میں بنائے ہیں۔اسے دیکھو۔



طلبہ کو تصویر کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہہ کر اس میں بار بار اور مخصوص ترتیب سے آنے والے عناصر کو تلاش کرنے کے لیے کہا جائے۔اس طرح مخصوص ترتیب میں آنے والے عناصر کے سلسلوں کو 'تواتر' کہا جاتا ہے، یہ واضح کرے۔

* سجاوٹ کا مشاہدہ کر کے تواتر کو مکمل کرو۔





* تواتر کو آگے بڑھاؤ۔

 ______ ______ ______ ______

 ______ ______ ______ ______

۱ ۲ ۱ ۲ ______ ______ ______ ______

 ______ ______ ______ ______ ______ ______

طلبہ کو مونگ پھلی کے چھلکوں، کنچے، قلم ۔ پنسل، ڈھکّن، چوڑیاں، گھونگے، سیپی جیسی چیزوں کا استعمال کر کے مختلف تواتر اور کولاج بنانے کے لیے کہے۔

پروجیکٹ : تالی، چٹکی، پیر پٹخنا جیسے اعمال کی آواز کے تواتر بناؤ۔ اسی طرح ہاتھ اوپر کرو، ہاتھ آگے کرو جیسی مختلف حرکات کے تواتر بناؤ۔

مرحلہ وار چھلانگ/ چھلانگیں



جنگل سے آیا بندر رے
ٹن ٹن لگاتا چھلانگ رے

اُچھل کود میں شور مچایا
دو کا چکّر یوں پورا جمایا

دو ، چار ، چھے اور آٹھ
تواتر کا رکھا خوب ہی ٹھاٹ

* دو کے مرحلے کو ترتیب وار لکھ کر آگے کے خالی چوکون مکمل کرو۔

۲	۴					

* عددوں کا تواتر مکمل کرو۔



۱۰ ، ۲۰ ، ___ ، ۴۰ ، ___ ، ___ ، ۷۰

۱۵ ، ۱۴ ، ___ ، ___ ، ۱۱ ، ___

۲۰ ، ۱۸ ، ___ ، ___ ، ___ ، ۱۰

* نقطے جوڑ کر رنگولی مکمل کرو اور اس میں رنگ بھرو۔



طلبہ کو ان کے تخیل سے نقطوں سے رنگولی بنانے کے لیے کہیے۔

پیمائش

• لمبائی

امان، عائشہ اور حسین کنچے کھیل رہے ہیں۔ عائشہ نے کنچوں کا فاصلہ کھڈّے کے پاس سے ناپنے کے لیے بالشت کا استعمال کیا۔



* بالشت سے گنو اور لکھو۔

← میری کتاب ☐ بالشت لمبی ہے۔

← میرا ہاتھ ☐ بالشت لمبا ہے۔

← میز ☐ بالشت لمبی ہے۔

← جماعت کا تختۂ سیاہ ☐ بالشت لمبا ہے۔

مریم نے درخت کے پتّے کی لمبائی بالشت سے ناپنے کی کوشش کی۔ اسے یہ بات سمجھ میں آئی کہ پتّے کی لمبائی بالشت سے ناپنے کی بجائے اُنگلیوں سے ناپنا آسان ہے۔



* تصویر دیکھو۔ طے کرو کہ بالشت سے ناپنا آسان ہے یا اُنگلیوں سے۔ اس کے گرد ○ بناؤ۔

	
	
	
	

ہاتھ کی بالشت کی طرح ہم اپنے قدم کا استعمال کر کے بھی لمبائی ناپ سکتے ہیں۔

* قدم سے ناپ کر لکھو۔

لمبائی/ فاصلہ	میرا اندازہ (قدم سے)	اصل میں قدم
جماعت کی ایک دیوار کی لمبائی		
تختۂ سیاہ سے دروازے کے بیچ کا فاصلہ		
دروازے سے سیڑھی کے بیچ کا فاصلہ		
جماعت کی آمنے سامنے کی دیواروں کے بیچ کا فاصلہ		

- **بھاری - ہلکا**

نبیل اپنی والدہ کو بازار سے لائی ہوئی چیزوں کو رکھنے میں مدد کر رہا تھا۔ ان میں سے ذیل کی چیزیں اس نے اُٹھا کر رکھیں۔ ان میں سے ...

* بھاری چیزوں کے گرد ◯ دائرہ بناؤ۔

* ہلکی چیزوں کے گرد ◯ بناؤ۔

	
	

طلبہ کو مختلف قسم کی دو چیزیں براہِ راست دکھا کر، ان دو چیزوں میں سے بھاری - ہلکی چیز پہچاننے کی مشق کرائے۔

مفت تقسیم کے لیے

• سمائی (گنجائش)

کر کے دیکھو۔

ایک چھوٹی بالٹی لو۔

* اس بالٹی کو بھرنے کے لیے ______ گلاس ( ) بھر کر پانی لگا۔
* اسی بالٹی کو بھرنے کے لیے ______ لوٹے ( ) بھر کر پانی لگا۔

* **استاد کی مدد سے عمل کرو اور جواب لکھو۔**

- تمھاری پانی کی بوتل میں کتنی پیالی ( ) پانی سمائے گا؟ ______ پیالی
- اسی پیالی ( ) سے تمھارے دوست/سہیلی کی بوتل بھرنے کے لیے کتنی پیالی پانی لگے گا؟
______ پیالی
- کس بوتل میں زیادہ پانی سمایا؟ تمھاری ______ / دوست/سہیلی کی ______

* **جس چیز میں زیادہ سے زیادہ پانی سمائے گا، اس کے گرد ○ بناؤ۔**









۲۴ وقت کی پیمائش

- **واقعات کی ترتیب**



جاوید: امّی جان، روٹی کس طرح بناتے ہیں؟

امّی : بیٹا جاوید، **پہلے** آٹا اچھی طرح گوندھتے ہیں۔

جاوید: امّی جان، آٹا گوندھنے کے **بعد** کیا کرنا ہوگا؟

امّی : آٹا گوندھنے کے **بعد** روٹی کو تھپکنا ہوتا ہے۔

جاوید: روٹی کو تھپکنے کے **بعد** کیا کرنا ہوگا؟



امّی : روٹی کو تھپکنے کے **بعد** اسے سینکتے ہیں۔

جاوید: روٹی کھانے سے **پہلے** ہاتھ دھونا ہوتا ہے؟ صحیح ہے نا؟

امّی : بالکل صحیح! اس کے **بعد** ہی روٹی کھانا چاہیے۔

طلبہ کے ساتھ گفتگو کر کے 'پہلے - بعد میں' سے متعلق بات چیت کرے۔ مختلف مثالوں کے ذریعے مشق کرائے۔

* تصویریں دیکھ کر واقعات کی مناسب ترتیب لگاؤ۔

















طلبہ کے ذریعے 'پہلے - بعد میں' جیسے الفاظ کا استعمال کر کے دیے ہوئے واقعات کی ترتیب لگوائے۔

- میرا معمول

میں پریا ہوں۔
آج میں تم کو میرا دن بھر کا معمول بتانے والی ہوں۔

میں صبح سویرے جلد اُٹھتی ہوں۔

اُٹھنے کے بعد دانت مانجھتی ہوں۔

دانت مانجھنے کے بعد یوگاسن کرتی ہوں۔

غسل کرنے کے بعد ناشتہ کرتی ہوں۔

اسکول جانے کے لیے میں خود تیار ہوتی ہوں۔

اسکول میں جا کر پڑھائی کرتی ہوں۔

درمیانی تعطیل میں اپنی سہیلیوں/ دوستوں
کے ساتھ کھانا کھاتی ہوں۔

اسکول کی چُھٹّی کے بعد میں گھر جاتی ہوں۔

میں شام میں اپنے چھوٹے
بھائی کے ساتھ کھیلتی ہوں۔

کھیلنے کے بعد اسکول میں دیا ہوا گھر کام
مکمل کرتی ہوں۔

میں اپنے امّی ابّا جان، دادا دادی جان اور
چھوٹے بھائی کے ساتھ رات کا کھانا کھاتی ہوں۔

کھانے سے فارغ ہونے کے بعد امّی ابّا جان، دادا دادی جان
اور چھوٹے بھائی کے ساتھ بات چیت کرتی ہوں۔

میں رات میں جلد سو جاتی ہوں۔

طلبہ کے ساتھ ان کے روزمرہ کے معمول سے متعلق بات چیت کرائیے۔

• کم وقت - زیادہ وقت

* راجو کو جس سواری سے اسکول جانے کے لیے کم وقت لگے گا اس سواری کے نیچے کے چوکون میں ✓ لگاؤ۔

 

☐ ☐ ☐

* آمنہ کو ایک ہی لوٹے ( ) سے جس پانی کے برتن کو بھرنے کے لیے زیادہ وقت لگے گا اس کے نیچے کے چوکون میں ✓ لگاؤ۔

☐ ☐ ☐

* ایک ہی نل سے جس بالٹی کو بھرنے کے لیے کم وقت لگے گا اس بالٹی کے نیچے کے چوکون میں ✓ لگاؤ۔

☐ ☐ ☐

طلبہ سے 'کم وقت - زیادہ وقت' سے متعلق بات چیت کرے۔ مختلف مثالوں کے ذریعے مشق کرائے۔

• ہفتے کے دن

آج کون سا دن ہے ؟
آج کون سا دن ہے ؟

آج ہے **پیر**
امّی نے بنائی کھیر

اب آیا **منگل**
گھومنے جائیں جنگل

آیا آیا **بُدھ**
جنگل سے لائے مدھ

آج ہے **جمعرات**
سب کی بھری مُراد

جمعہ کا دن آیا
سب نے مزہ پایا

آیا آیا **سنیچر**
اسکول ہے جانا جلدی کر

اب آیا **اِتوار**
جس کے لیے بے قرار

ہفتے کے یہ سات دن
گھوم کے آتے ہیں یہ پھر دن



* ہفتے کے دن تلاش کرو۔

ج	پ	ج	م	ع	ہ	پ
ا	ی	ا	پ	ل	م	ی
ت	ر	بُ	دھ	م	ن	م
و	ب	م	ی	ع	گ	ب
ا	ج	س	گ	و	ل	د
ر	س	ن	ی	چ	ر	ن
ج	م	ع	ر	ا	ت	س

طلبہ سے گیت گانے کے لیے کہیں۔ طلبہ کو دنوں کے نام ترتیب سے کہنے کے لیے کہیں۔ سات دنوں کو ہفتہ کہتے ہیں۔ استاد طلبہ سے آج کا دن، آئندہ آنے والا دن، گزرا ہوا دن سے متعلق سوالات پوچھ کر مشق کرائے۔

تقویم (کیلنڈر)

* تقویم (کیلنڈر) میں دیے ہوئے مہینے کا مشاہدہ کرو۔

جنوری ۲۰۲۶ء						
سنیچر	جمعہ	جمعرات	بدھ	منگل	پیر	اتوار
۳	۲	۱				
۱۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴
۱۷	۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱
۲۴	۲۳	۲۲	۲۱	۲۰	۱۹	۱۸
۳۱	۳۰	۲۹	۲۸	۲۷	۲۶ یومِ جمہوریہ	۲۵

بتاؤ تو بھلا!

* ۱ تاریخ کو کون سا دن ہے؟
* اس مہینے میں کتنے دن ہیں؟
* پہلے سنیچر کو کون سی تاریخ ہے؟
* ۲۶ تاریخ کو کون سا خاص دن ہے؟
* اس مہینے میں کتنے اتوار ہیں؟

طلبہ کو سالِ رواں کا کیلنڈر دِکھا کر بتائے کہ کیلنڈر میں جنوری سے دسمبر ۱۲ مہینے ہوتے ہیں۔ اس کیلنڈر میں سے کسی ایک مہینے کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہے۔ اس مہینے کے خاص دن (چھٹی کا دن، تہوار کا دن، ہفتہ وار بازار کا دن) سے متعلق سوالات پوچھے اور بات چیت کرے۔

جمع (جواب ۱۸ تک)

ذرا یاد تو کرو۔

۹ = ۳ + ۶

سمجھ لو۔

۱۲ = ۴ + ۸

- جمع (آڑی ترتیب دے کر)

* عددوں کے برابر لکیریں کھینچو۔ جمع کرو۔ جواب لکھو۔

☐ = ۵ + ۹

☐ = ۶ + ۶

☐ = ۷ + ۸

☐ = ۴ + ۹

* جمع (کھڑی ترتیب دے کر)

٦ + ٧ = ١٣	٨ + ٨ = ☐	٩ + ٦ = ☐
٨ + ٦ = ☐	٥ + ٦ = ☐	٣ + ٩ = ☐

• جمع (آگے گن کر)

* موتیوں کے ہار میں موتی آگے گن کر جمع کرو۔

٨ + ٦ = ١٤



٩ + ٨ = ☐



١٣ + ٢ = ☐



١٢ + ٤ = ☐



١٥ + ٣ = ☐



مفت تقسیم کے لیے

* عددی پٹّی کا استعمال کر کے جمع کرو۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸

۸ + ۶ = ۱۴

۱۶ + ۲ = ۱۸

۹ + ۶ = ☐

۷ + ۷ = ☐

۱۱ + ۲ = ☐

۷ + ۹ = ☐

۱۲ + ۵ = ☐	۹ + ۴ = ☐	۶ + ۶ = ☐	۶ + ۵ = ۱۱
۵ + ۹ = ☐	۱۲ + ۳ = ☐	۹ + ۹ = ☐	

* جمع کرو۔

۹ + ۹ = ☐	۹ + ۷ = ☐	۸ + ۶ = ☐	۷ + ۵ = ۱۲
۵ + ۵ = ☐	۹ + ۸ = ☐	۶ + ۵ = ☐	

* حل کرو۔

جوزف کے پاس ۸ بیاض ہیں۔ صادق کے پاس ۴ بیاض ہیں۔ دونوں کے پاس کُل ملا کر کتنی بیاضیں ہیں؟	۸ + ۴ ۱۲
عائزہ ٦ پھول لائی۔ ریحانہ ۵ پھول لائی۔ دونوں نے مل کر کُل کتنے پھول لائے؟	☐ + ☐ ☐
ساحل نے ۷ کتابیں پڑھیں۔ سنگیتا نے ٦ کتابیں پڑھیں۔ دونوں نے مل کر کُل کتنی کتابیں پڑھیں؟	☐ + ☐ ☐
ثمینہ کے باغیچے میں ۸ درخت ہیں۔ راجو کے باغیچے میں ٦ درخت ہیں۔ دونوں کے باغیچوں میں کُل ملا کر کتنے درخت ہیں؟	☐ + ☐ ☐
وسیم کے پاس ۳ بیل ہیں۔ راحل کے پاس ۷ بیل ہیں۔ دونوں کے پاس کے بیلوں کی کُل تعداد کتنی؟	☐ + ☐ ☐

* خالی چوکون میں صحیح عدد لکھو۔







* خالی چوکون میں صحیح عدد لکھو۔



ایک ہندسی دو عددوں کی جمع کا جواب ۱۲ ، ۱۳ ، ۱۴ ، ۱۵ ، ۱۶ ، ۱۷ ، ۱۸ حاصل ہونے والی مختلف مثالوں کی مشق کرائے۔

آؤ کھیل کھیلیں : ایک طالب علم عددی کارڈ کے گٹھے میں سے ایک کارڈ ہاتھ میں لے۔ دیگر طلبہ عددی کارڈ پر کے عدد کے برابر جواب آئے، ایسی مثالیں/سوال بنانے کا کھیل جماعت میں کھیلیں۔

• جمع -تفریق : باہمی تعلق



کافیہ اور دانش نے ابّا کی لائی ہوئی تھیلی دیکھی۔ اس میں سے آم نکال کر ٹوکری میں رکھے۔ ٹوکری میں ۵ آم تھے۔ ٹوکری کے آموں کو دیکھ کر...



دانش : کافیہ، میں جب ٹوکری سے ۲ آم لیتا ہوں تب ٹوکری میں ۳ آم رہ گئے۔ یعنی ٹوکری میں ۳ = ۲ - ۵ آم باقی بچے۔

کافیہ : دیکھو دانش، ہم اسے اس طرح بھی کہہ سکتے ہیں کہ ٹوکری میں بچے ہوئے ۳ آم اور تمھارے ہاتھ میں ۲ آم یعنی ٹوکری میں ۵ = ۲ + ۳ آم تھے۔

کافیہ : دانش، جب تم نے ٹوکری کے ۵ آم میں سے ۳ آم لیے تب ٹوکری میں ۲ آم باقی رہ گئے یعنی ۲ = ۳ - ۵ آم باقی بچے۔

۳ + ۲ = ۵

۵ − ۳ = ۲

۵ − ۲ = ۳

اس کا مطلب یہ ہے کہ دو عددوں کی جمع کرنے پر حاصل ہونے والے عدد میں سے اُن دو عددوں میں سے کوئی ایک عدد تفریق کی جائے تب ہمیں دوسرا عدد حاصل ہوتا ہے۔

* حل کرو۔

۵ + ۴ = ۹

___ − ___ = ___

___ − ___ = ___

۵ + ۲ = ۷

۷ − ۵ = ۲

۷ − ۲ = ۵



___ + ___ = ___

___ − ___ = ___

___ − ___ = ___



___ + ___ = ___

___ − ___ = ___

___ − ___ = ___

۶ + ۵ = ۱۱

۱۱ − ۵ = ___

۱۱ − ___ = ۵

۴ + ۳ = ۷

۷ − ___ = ۴

۷ − ___ = ۳

۸ + ۷ = ۱۵

___ − ___ = ___

___ − ___ = ___

۹ + ۴ = ۱۳

۱۳ − ___ = ۴

۱۳ − ۴ = ___

میری بچت

انابیہ : امان بھائی، کل ہم میلے میں جائیں گے تب تم کون کون سی چیزیں خریدو گے؟

امان : میں میلے سے بانسری، رنگین پنسل اور گیند لوں گا۔ تم کیا لینا پسند کروگی؟

انابیہ : میں میلے سے گڑیا، رنگین پنسل، چاک اور غبارے خریدوں گی۔

امان : کیوں نہ ہم یہ چیزیں خریدنے کے لیے اپنے بچت باکس (گلک) کی رقم استعمال کریں؟

انابیہ : جی ہاں۔ امان بھائی تمھارا خیال اچھا ہے۔ چلو ہم اپنا بچت باکس کھول کر دیکھتے ہیں۔

(انابیہ اور امان اپنا بچت باکس (گلک) امّی ابّا سے اجازت لے کر کھولتے ہیں)

امان : میں تمام سِکّے جمع کرتا ہوں۔

انابیہ : میں تمام نوٹ جمع کرتی ہوں۔

امان : انابیہ، سِکّوں میں ۱ ، ۲ ، ۵ اور ۱۰ روپے کے بہت سارے سِکّے ہیں۔

انابیہ : امان بھائی،نوٹوں میں بھی ₹ ۵ ، ₹ ۱۰ ، ₹ ۲۰ ، ₹ ۵۰ ، ₹ ۱۰۰ کے بہت سارے نوٹ ہیں۔

₹ ۱

₹ ۲

₹ ۵

₹ ۱۰

₹ ۵



₹ ۱۰

₹ ۲۰

₹ ۵۰

₹ ۱۰۰

طلبہ کو سکے اور نوٹ عملاً دکھا کر ان کی پہچان کرائے۔ روزمرہ زندگی/کاروبار میں ان کا استعمال سمجھائے۔

پروجیکٹ : گھر کے بڑے افراد کی مدد سے بچت باکس بناؤ۔ 

کھلونے والا



کھلونے والا	
چیزیں اور قیمت	
₹ ۵	₹ ۱۰
₹ ۱۵	₹ ۱۵
₹ ۱۵	₹ ۱۰
	₹ ۲۰

بتاؤ تو بھلا۔

* ۱۰ روپے میں کون کون سی چیزیں خرید سکتے ہیں؟
* کھلونے والا امان کو ۲۰ روپے میں کون کون سے کھلونے دے گا؟
* انابیہ کے پاس ۱۰ روپے ہیں اور گڑیا کی قیمت ۱۵ روپے ہے تب گڑیا خریدنے کے لیے انابیہ کو اور کتنے روپے کی ضرورت ہے؟
* کل رقم پر ✓ کرو۔

سِکّہ/نوٹ	کُل رقم
	۱۷ ۱۶ ۱۵
	۱۵ ۱۴ ۱۳

مفت تقسیم کے لیے

سمجھ لو۔

ہم ₹ ۱۰ کی رقم مختلف طریقوں سے تیار کر سکتے ہیں۔



* سکے اور نوٹ کا استعمال کر کے چوکون میں دی ہوئی رقم بنائیے۔





طلبہ کو سکے اور نوٹ استعمال کر کے ایک ہی رقم تیار کرنے کا مختلف مثالوں سے راست تجربہ دے۔

• سکے اور نوٹ کا استعمال





* گوپال نے دکان سے ۱ ربر اور ۱ کھریا خریدا تو وہ دکان دار کو کتنے روپے دے گا؟

₹ ۲ + ₹ ۱ = ₹ ۳

* سدرہ نے دکان سے ۱ پنسل اور ۲ کھریا خریدے تب وہ دکان دار کو کتنے روپے دے گی؟



₹ ___ + ₹ ___ = ₹ ___

* جان نے دکان سے ۲ پنسل اور ۱ قلم خریدا تب وہ دکان دار کو کتنے روپے دے گا؟



₹ ___ + ₹ ___ = ₹ ___

* فاطمہ نے دکان سے ۱ قلم اور ۳ ربر خریدے تب وہ دکان دار کو کتنے روپے دے گی؟



₹ ___ + ₹ ___ = ₹ ___

۲۷ ضرب کی پیشگی تیاری

بتاؤ تو بھلا!

رستم : میرے ہاتھ ۲

میرے ۲ ہاتھ، زارہ کے ۲ ہاتھ۔ دونوں کے مل کر کل ہاتھ ۴

میرے ۲ ہاتھ، زارہ کے ۲ ہاتھ، خضر کے ۲ ہاتھ۔ تینوں کے مل کر کُل کتنے ہاتھ؟

میرے ۲ ہاتھ، زارہ کے ۲ ہاتھ، خضر کے ۲ ہاتھ، عارفہ کے ۲ ہاتھ۔ چاروں کے مل کر کُل کتنے ہاتھ؟

* تصویر گن کر عدد لکھو۔

۲

ایک رکابی میں شریفے ☐

ایک رکابی میں ۲ شریفے تو ایسی دو رکابیوں میں کل شریفے ☐

☐ = ۲ + ۲

ایک رکابی میں ۲ شریفے تو ایسی تین رکابیوں میں کل شریفے ☐

☐ = ۲ + ۲ + ۲

ایک رکابی میں ۲ شریفے تو ایسی چار رکابیوں میں کل شریفے ☐

☐ = ۲ + ۲ + ۲ + ۲

سمجھ لو۔

پھول ٦ = پھول ۲ + پھول ۲ + پھول ۲

← ۲ پھول تین مرتبہ لے کر جمع →

یعنی

پھول ٦ = ۳ × ۲

مرتبہ   پھول

اسی کو ہم ''۲ ضرب ۳'' پڑھتے ہیں۔

۲ یہ عدد جمع میں تین مرتبہ لیں تو حاصل جمع ٦ آتا ہے۔ یعنی

٦ = ۲ + ۲ + ۲

یعنی، ٦ = ۳ × ۲

٦ = ۳ × ۲ میں علامت ' × ' کو ضرب کہتے ہیں۔

٦ = ۳ × ۲ کو ''دو ضرب تین برابر چھے'' پڑھتے ہیں۔

طلبہ کو دو - دو/ تین - تین/ چار - چار چیزوں کے کچھ گروہ دکھائیے۔ ایک ہی عدد کا گروہ کتنی مرتبہ آیا ہے؟ گروہ کتنے ہیں؟ تمام گروہ میں کل چیزیں کتنی ہیں؟ ایسے سوالوں کی مدد سے بات چیت کرے۔ اس عملی مظاہرے سے یہ بات واضح کرے کہ ''بار بار کی گئی جمع کو ضرب کی صورت میں ظاہر کر سکتے ہیں۔'' بتائے کہ ضرب کے لیے 'x' علامت کا استعمال کرتے ہیں۔ یہ بھی بتائے کہ ٦ = ۳ × ۲ کو 'دو ضرب تین برابر چھے' پڑھتے ہیں۔

* خالی چوکون میں صحیح عدد لکھو۔



۲ + ۲ = ۲ × ۲ = ۴



□ + □ + □ = ۲ × □ = □



□ + □ + □ + □ = □ × □ = □



□ + □ + □ = □ × □ = □

۲۸ مساوی تقسیم، مساوی گروہ

• مساوی تقسیم

استانی : میرے پاس ٦ پنسل ہیں۔ انھیں آپ دونوں میں مساوی تقسیم کرتی ہوں۔
زید کو ۱ پنسل اور فرح کو ۱ پنسل دیتی ہوں۔
اب میرے پاس ۴ پنسل باقی بچی ہیں؛ اس لیے دوبارہ زید کو ۱ پنسل اور فرح کو ۱ پنسل دیتی ہوں۔
اب میرے پاس ۲ پنسل رہ گئی ہیں۔ اس لیے پھر زید کو ۱ اور فرح کو ۱ پنسل دیتی ہوں۔ اب دیکھو، تم دونوں میں سے ہر ایک کو کتنی پینسلیں ملیں؟

زید : مجھے ۳ پینسلیں ملیں۔

فرح : مجھے بھی ۳ پینسلیں ملیں۔

کل پینسلیں	کتنے بچوں کو پینسلیں تقسیم کیے؟	ہر ایک کو کتنی پینسلیں ملیں؟
٦	۲	۳

* کھریا گنو۔ کھریے کی مساوی تقسیم کرو۔



مختلف چیزوں کا استعمال کرے۔ روزمرہ کی مثالوں کے ذریعے مساوی تقسیم کرنے کی مختلف مثالوں کو عملی مظاہروں کے ذریعے سمجھائے۔

آؤ کھیل کھیلیں۔

چنٹو : دوڑو، دوڑو، دوڑو، دوڑتے دوڑتے دو - دو کے گروہ بناؤ۔





رانی : دوڑو، دوڑو، دوڑو، دوڑتے دوڑتے تین - تین کے گروہ بناؤ۔





دوڑو، دوڑو، دوڑو، دوڑتے دوڑتے دو - دو/ تین - تین/ چار - چار کے گروہ بناؤ۔ یہ کھیل کھلائے۔ کھیل میں شامل تمام طلبہ گروہ میں تقسیم ہوں گے۔ کوئی بھی گروہ نامکمل نہ رہے۔ ہر وقت تمام گروہ مساوی رہیں، اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے طلبہ کو کھیل میں شامل کرے۔ کھیل میں کل کتنے طلبہ؟ ہر گروہ میں کل کتنے طلبہ؟ کتنے گروہ تیار ہوئے؟ اس سے متعلق طلبہ سے بات چیت کرے۔

• مساوی گروہ

ابا : ماہرہ، میں نے ٦ امرؤد لائے۔ دو-دو امرؤد کے گروہ بناؤ۔ کتنے گروہ بن جائیں گے؟ بتاؤ۔

ماہرہ : تین گروہ بن گئے۔



آپا : امان، میں نے ٦ امرؤد لائے۔ تین-تین امرؤد کے گروہ بناؤ۔ کتنے گروہ بنیں گے؟ بتاؤ۔

امان : دو گروہ بن گئے۔



* دو-دو کے گروہ بناؤ۔ چوکون میں عدد لکھو۔



چڑیوں کی کل تعداد ☐

ایک گروہ میں چڑیوں کی کُل تعداد ☐ گروہوں کی کُل تعداد ☐

مختلف چیزوں کا استعمال کر کے روزمرہ کی مثالیں بنائیے۔ ان کے مساوی گروہ بنا کر عملی مظاہرہ کرائیے۔

جنگل میں جانوروں کی مجلس

جنگل میں جانوروں کی ایک مجلس ہوئی۔ ہاتھی، شیر، گیدڑ، بارہ سنگھا، گینڈا، زیبرا، زراف اور ہرن جمع ہوئے تھے۔ تمام جانور جنگل کے بادشاہ ببر شیر کا انتظار کر رہے تھے۔ اتنے میں جنگل کا بادشاہ ببر شیر نہایت ہی رعب دار چال چلتا ہوا آیا۔ زراف نے سبھی کا استقبال کیا اور مجلس شروع ہوگئی۔ جنگل کا بادشاہ جنگل میں ہوئے واقعات کو جانوروں کی زبانی سننے لگا۔ بادشاہ نے تمام مسائل کو حل کیا۔ جنگل کے مختلف کام ہر ایک کو تقسیم کیے اور انھیں وقت پر مکمل کرنے کی تاکید کی۔ شیر نے آخر میں اختتامی بات کر کے سب کا شکریہ ادا کیا اور مجلس ختم ہوئی۔

* مجلس میں جانوروں کی کل تعداد = ☐
* سینگ والے جانوروں کی کل تعداد = ☐
* مجلس میں شریک تمام جانوروں کی آنکھوں کی کل تعداد = ☐

* جمع-تفریق کی جنگ

۷	+	☐	=	۹		۷	−	☐	=	۷

Left column (top to bottom): ۷, − ۲, ☐, + ۴, ☐, − ۵, ☐, + ۰, ۴

Right column (top to bottom): ۷, − ۵, ☐, + ☐, ۲, + ۴, ☐, − ۵, ☐



۴	+	☐	=	۵		۹	−	۸	=	☐

* کھیل کیسے کھیلیں؟

چوکون میں متوقع جواب ٹیڈی بیئر کے ہاتھوں میں تلاش کرو۔ جواب لکھنے پر ٹیڈی بیئر کے عددی کارڈ پر لکیر کھینچو۔ جس نے سب سے پہلے جواب کا عدد تلاش کر کے لکھا، وہ فاتح ہوگا۔

مفت تقسیم کے لیے

* جمع یا تفریق کر کے درمیان کا عدد بناؤ۔







* ذیل کے چوکون میں ۱ سے ۳ عدد اس طرح لکھو کہ کھڑی، آڑی جمع ۶ آئے۔
(ہر قطار اور ستون میں ایک عدد ایک ہی مرتبہ آنا چاہیے)

		۳
	۲	
۱		

* قریب کا راستہ کون سا ہے؟ اس کے نیچے ✓ لگاؤ۔



* بڑھتی ہوئی کندوں کی ترتیب کو مکمل/پورا کرو۔



* دونوں جانب کی جمع مساوی ہو، اس طرح ذیل کے دائروں میں ۱ سے ۵ عدد لکھو۔
(ہر عدد کو ایک ہی مرتبہ لکھنا ہے)

(۱)



(۲)



* ۱ سے ۲۰ تک عددوں کو ترتیب سے جوڑ کر تصویر مکمل کرو اور رنگ بھرو۔

260779

* عددوں اور اس کے نیچے دیے ہوئے رنگ کا مشاہدہ کرو اور شکل بناؤ۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲



(۱) ۲ → ۱۲ → ۱۰ → ۲



(۲) ۱ → ۴ → ۱۲ → ۹ → ۱



(۳) ۳ → ۶ → ۱۱ → ۸ → ۳



(۴) ۱۲ → ۲ → ۵ → ۱۰ → ۴ → ۱۲



(۵) ۲ → ۵ → ۹ → ۱۱ → ۷ → ۲



(۶) ۲ → ۱۰ → ۱۱ → ۸ → ۳ → ۲



طلبہ کو اعداد اور ان کے نیچے دیے ہوئے رنگوں کا مشاہدہ کر کے مختلف شکلیں بنانے کے لیے کہے اور اس کی مشق کرائے۔



پیارے طالب علم دوستو اور سہیلیو!

اگر آپ کو کسی نے نامناسب طریقے سے چھوا تو آپ بے چین ہو گئے ہوں گے، اس پر آپ بالکل خاموش نہ رہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو آپ کو درج ذیل کام کرنے چاہئیں۔

(1) اپنے آپ کو موردِ الزام نہ ٹھہرائیں۔

(2) آپ کو جس پر بھروسہ ہے اسے اس واقعے کے بارے میں بتائیں۔

(3) آپ پوکسو ای-باکس کے ذریعے آپ کے حقوق کے تحفظ کے لیے قائم کردہ قومی کمیشن کو بھی مطلع کر سکتے ہیں۔

جب کوئی آپ کو نامناسب طریقے سے چھوتا ہے تو آپ کو بُرا لگ سکتا ہے، آپ اُلجھن محسوس کر سکتے ہیں، آپ بے بسی محسوس کر سکتے ہیں، لیکن 'بُرا' محسوس کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے، کیونکہ یہ آپ کی غلطی بالکل نہیں ہے۔



اس بٹن کو دبائیں۔

POCSO یہ e-box ویب سائٹ : ncpcr@gov.in پر دستیاب ہے۔

اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور آپ کو ہراساں کیا گیا ہے، آپ اُلجھن میں ہیں، پریشان ہیں یا تناؤ کا شکار ہیں، یا کسی ایسے بچے کے بارے میں جانتے ہیں جسے ہراساں کیا گیا ہے، تو 1098 پر رابطہ کریں۔ اس طرح آپ کی اور دوستوں کی زندگی بدل سکتی ہے۔

چائلڈ لائن 1098: یہ ایک 24 گھنٹے والی ٹول فری قومی ایمرجنسی فون سروس ہے۔ یہ چائلڈ لائن فاؤنڈیشن کی طرف سے شروع کی گئی ایک پہل ہے، جسے وزارت برائے ہنگامی حالات برائے خواتین اور بچوں کی ترقی نے متاثرین کے لیے شروع کیا ہے۔

नए समाज की ओर
Towards a new dawn

• ہدایت: طلبہ کو محفوظ اور غیر محفوظ لمس کے تعلق سے معلومات دیں۔

260779

मराठी/समग्र शिक्षा
Samagra Shiksha

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل،
پونہ-۴۱۱۰۰۴

مفت تقسیم کے لیے

गणित इयत्ता पहिली (उर्दु माध्यम)